اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ بیشک یہ قرآن کریم ہے۔(۷۷)

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾

اور بیشک ہم نے نصیحت حاصل کرنے والے کے لیے قرآن کو آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے۔(۳۲)

جمیع حقوق بنام اللہ رب العالمین

بفیضان حضرت محمّد رسول اللہ ﷺ

قرآن کریم کا انتہائی سلیس اردو ترجمہ

احیاءُ الایمان

مترجم حضرت علامہ عالم فقری رحمۃ اللہ علیہ

خوبصورت دیدہ زیب عربی فونٹ رنگین تجویدی

تزوین و پیش کش

الشیخ حافظ محمد حبیب اللہ

چاہ میراں لاہور

www.aejazulquran.com

سُوۡرَةُ الۡفَاتِحَةِ
مَكِيَّةٌ

رُكُوۡعُهَا	اٰيٰتُهَا	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ	سُوۡرَةُ الفَاتِحَةِ مَكِيَّةٌ
١	٧		١ ٥

سورة الفاتحہ مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ۷ آیات اور ایک رکوع ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ﴿١﴾ الرَّحۡمٰنِ المنزل ١
تمام حمد وثناء اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ (١) رحمٰن ہے بہتر
الرَّحِيۡمِ ۙ﴿٢﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ﴿٣﴾ اِيَّاكَ
رحم والا ہے۔ (٢) روز جزا کا مالک ہے۔ (٣) ہم تیری
نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ﴿٤﴾ اِهۡدِنَا
عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔ (۴) ہمیں سیدھی
الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ﴿٥﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ
راہ پر استوار رکھ۔ (٥) راہ اُن لوگوں کی
اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ۬ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ
جن پر تو نے انعام کیا ہے۔ (٦) نہ اُن کی جن پر تیرا غضب
عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿٧﴾ ع ١
ہوا اور نہ گمراہوں کی۔ (٧)

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِيۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
"مَدّ" - تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

سُورَةُ البَقَرَةِ
مَدَنِيَّةٌ

رُكُوعَاتُهَا	اٰيٰتُهَا		سُورَةُ البَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ	
٤٠	٢٨٦	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ	٨٧	٢

سورۃ البقرہ مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس میں ٢٨٦ آیات اور ٤٠ رکوع ہیں۔

الٓمّٓ ۚ﴿١﴾ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۛۚ فِيۡهِ ۛۚ
الم (١) یہ اعلیٰ کتاب یعنی قرآن مجید اس میں شک نہیں ہے

هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ۙ﴿٢﴾ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ
اہلِ تقویٰ کے لیے ہدایت ہے۔ (٢) وہ جو چھپی ہوئی حقیقت پر ایمان

بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ
لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے

يُنۡفِقُوۡنَ ۙ﴿٣﴾ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ
اُنہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ (٣) اور وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں اِس پر

اِلَيۡكَ وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ وَبِالۡاٰخِرَةِ
جو اے محبوب! آپ کی طرف اُترا اور جو آپ سے پہلے نازل ہوا۔

هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ؕ﴿٤﴾
اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ (٤)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِیۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

أُولَٰٓئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ

وہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔(۵) بیشک وہ لوگ جن کے

كَفَرُوا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٦﴾ خَتَمَ

مقدر میں کفر تھا اُن کے لیے یہ بات برابر ہے چاہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ (۶) اللہ تعالیٰ

اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰٓ أَبْصَٰرِهِمْ غِشَٰوَةٌ ۖ وَلَهُمْ

نے اُن کے دلوں اور کانوں کو سربمہر کر دیا اور اُن کی قوت بصارت پر پردے ہیں اور اُن کے لیے

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ ءَامَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ ع ۱

عذاب عظیم ہے ۔(۷) اور لوگوں میں سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لائے

الْءَاخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ﴿٨﴾ يُخَٰدِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ ءَامَنُوا وَمَا وقف لازم

اور وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔(۸)وہ اللہ اور اہلِ ایمان کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں اوردرحقیقت وہ اپنے آپ کو

يَخْدَعُونَ إِلَّآ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٩﴾ فِى قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

خود دھوکہ دے رہے ہیں اور وہ اہلِ شعور سے نہیں ہیں۔(۹)اُن کے دلوں میں ایک بیماری ہے،

فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌۢ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ﴿١٠﴾

پس اللہ تعالیٰ نے اُن کی بیماری کو زیادہ کر دیا۔ اور اُن کے لئے درد ناک عذاب ہے۔ یہ اُن کے جھوٹ بولنے کی وجہ سے ہے۔(۱۰)

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِى الْأَرْضِ قَالُوٓا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ﴿١١﴾

اور جب اُن سے کہا جائے کہ زمین میں فساد برپا نہ کرو تو کہتے ہیں کہ بیشک ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔(۱۱)

أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ﴿١٢﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

خبردار! بیشک وہی فساد کرنے والے ہیں مگر اُنہیں شعور نہیں ہے۔(۱۲)اور جب اُن سے کہا گیا کہ اس طرح

ءَامِنُوا كَمَآ ءَامَنَ النَّاسُ قَالُوٓا أَنُؤْمِنُ كَمَآ ءَامَنَ السُّفَهَآءُ ۗ أَلَآ إِنَّهُمْ

ایمان لاؤ جیسے اور لوگ ایمان لائے ہیں تو اُنہوں نے جواباً کہا کہ کیا ہم بیوقوفوں کی طرح ایمان لے آئیں۔ خبردار وہی بے وقوف ہیں

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ﴿١٣﴾ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ ءَامَنُوا قَالُوٓا ءَامَنَّا

مگر وہ جانتے نہیں ہیں ۔(۱۳) اور جب اہلِ ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور جب علیحدگی

وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَٰطِينِهِمْ قَالُوٓا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُونَ ﴿١٤﴾

میں شیطان صفت لوگوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ بیشک ہم تمہارے ساتھ ہیں بیشک ہم تو یونہی اُن سے مذاق کرتے ہیں۔(۱۴)

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ

اللہ بدلے کے طور پر اُن سے استہزاء فرماتا ہے بسبب اس کے کہ اس نے اُن کی رسی دراز کر رکھی ہے تا کہ وہ سرکشی میں بھٹکتے پھریں۔(۱۵) یہی وہ لوگ

الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا

ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے میں گمراہی خریدی۔ پس اُن کی تجارت نفع نہ لائی اور وہ ہدایت کی راہ جانتے

مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ

ہی نہ تھے۔(۱۶) اُن کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے آگ جلائی جب آگ نے اردگرد کی ہر چیز پر روشنی کر دی تو

مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾

اللہ نے اُن کی قوت بصارت اُچک لی اور انہیں اندھیروں میں چھوڑ دیا جس میں وہ نہیں دیکھ سکتے۔(۱۷)

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾ ۙ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ

یہ بہرے، گونگے، اندھے ہیں پس وہ رجوع کرنے والے نہیں۔ (۱۸) یا اُن کی مثال بارش ہے جو آسمان سے

فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ

برستی ہے جس میں ظلمت اور کڑک اور چمک ہے۔ اپنے کانوں میں کڑک کے سبب موت

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾

کے ڈر سے اُنگلیاں ڈال لیتے ہیں۔ اور اللہ نے کافروں کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ (۱۹)

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا

قریب ہے کہ بجلی اُن کی بصارت اُچک لے جائے۔ مگر جب بجلی چمکتی ہے تو اس میں چلنے

فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

لگتے ہیں اور جب اندھیرا چھا جاتا ہے تو ٹھہر جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو اُن کی

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ ع ۲ ۳ ۲

سماعت اور بصارت ختم کر دیتا۔ بیشک ہر چیز اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے۔ (۲۰)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ

اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جو تمہارا اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا

قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٢١﴾ ۙ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا

کرنے والا ہے تاکہ تم ڈرو۔ (۲۱) جس نے تمہارے لیے زمین کو بطور فرش بچھایا۔

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً ۠ وَّ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ

اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا جس کے ذریعے ہر طرح کا اناج پیدا کیا

الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾

جو تمہارا رزق ہے۔ پس اللہ کے لیے جان بوجھ کر شریک نہ ٹھہراؤ۔ (۲۲)

وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ

اور اگر تمہیں شک ہو جو ہم نے اپنے بندے پر نازل فرمایا ہے تو پس اس کی مثل ایک سورۃ

مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۳﴾

لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے حمایتیوں کو بلا لاؤ اگر تم سچے ہو۔ (۲۳)

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَ لَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا

پھر اگر نہ کر سکو اور ہرگز نہیں کر سکو گے تو اُس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚۖ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

اور پتھر ہیں جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ (۲۴) اور خوش خبری ہے اہلِ ایمان

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

اور صالح عمل کرنے والوں کے لیے کہ اُن کے لیے ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہروں کا بہاؤ ہے۔

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا

جب انہیں پھل کے رزق میں سے کچھ کھانے کے لیے دیا جائے گا تو کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہمیں پہلے رزق دیا گیا

مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِیْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ

تھا اور انہیں ایک دوسرے سے صورت میں ملتے ہوئے پھل دیے جائیں گے اور وہاں اُن کے لئے پاکیزہ بیویاں ہوں گی

وَّ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا

اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۲۵) بیشک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مچھر یا اس سے بڑھ کر کسی چیز کی مثال بیان فرمائے۔

مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ

پس جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ اُن کے رب کی طرف سے حق ہے اور جو انکار کرنے والے

الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَاذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ

ہیں پس وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالٰی کا ایسی مثال بیان کرنے سے کیا ارادہ ہے؟

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وقف لازم

بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّ يَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ

اس سے کثیر لوگوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دے دیتا ہے اور اس سے فاسق

بِهٖۤ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ

لوگ ہی گمراہ ہوتے ہیں۔ (۲۶) جو اللہ تعالیٰ سے پختہ عہد کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں

مِيْثَاقِهٖ ۪ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَ يُفْسِدُوْنَ

اور اس کو قطع کرتے ہیں جسے اللہ نے جوڑے رکھنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد

فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

پھیلاتے ہیں۔وہی لوگ نقصان میں رہنے والے ہیں۔ (۲۷) تم اللہ کے کس طرح ہوتے ہو کیونکہ تم بے جان تھے

كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾

اس نے تمہیں زندگی دی، پھر تم پر موت طاری کرے گا پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ (۲۸)

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۗ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى

وہی ہے جس نے تمہارے لیے وہ سب کچھ بنایا جو زمین میں ہے۔ پھر آسمان کی طرف

السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۹﴾ وَاِذْ ع ۳ ۹ ۳

متوجہ ہوا تو انہیں سات آسمانوں میں استوار کر دیا۔ اور وہی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔(۲۹) اور یاد کرو

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا

جب تمہارے رب نے فرشتوں سے فرمایا بیشک میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں۔ بولے

اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ

کیا تو ایسے کو خلیفہ بنائے گا جو فساد پیدا کرے گا اور خون بہائے گا۔ اور ہم تیری حمد و ثناء کے ساتھ تسبیح کرتے

بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَعَلَّمَ

اور تیرے لیے تقدیس کرتے ہیں۔ فرمایا بیشک جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے۔ (۳۰) اور اللہ

اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ

نے آدم کو سب چیزوں کے نام سکھائے پھر اُنہیں فرشتوں میں پیش کرکے کہا کہ ان تمام

بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ

چیزوں کے مجھے نام بتاؤ اگر تم سچے ہو۔ (۳۱) انہوں نے کہاتو پاک ہے ہم کچھ نہیں جانتے

اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ

مگر جتنا تو نے ہمیں علم دیا۔ بیشک تو علم والا حکمت والا ہے۔ (۳۲) پھر اللہ تعالیٰ نے آدم

بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّاۤ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْۤ

سے کہا کہ تم انہیں تمام چیزوں کے نام بتاؤ۔ پس اس نے انہیں تمام چیزوں کے نام بتا دیئے۔فرمایا کہ میں نے نہیں

اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ

کہا تھا کہ بلاشبہ میں زمین و آسمان کی چھپی چیزوں کو جانتا ہوں اورجو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِيْسَ ؕ

سب کچھ جانتا ہوں۔(۳۳) اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو تمام نے سجدہ کر دیا مگر ابلیس

اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۗ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ

نے انکار کیا اور تکبر کیا اور کافروں میں سے ہو گیا۔(۳۴) اور ہم نے کہا کہ اے آدم تو اور

وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

تیری بیوی اس جنت میں رہو اور جہاں سے چاہو بلا روک ٹوک کھاؤ اور اس درخت کے قریب

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

نہ جانا، ورنہ حد سے بڑھنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ (۳۵) پس شیطان نے انہیں وہاں سے پھسلا دیا

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

پس انہیں وہاں سے نکلوا دیا جہاں وہ رہتے تھے اور ہم نے حکم دیا کہ تم یہاں سے اُتر جاؤ کیونکہ تم ایک دوسرے کے

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ

دشمن ہو گئے ہو اور تمہارے لیے زمین میں ایک عرصہ تک ٹھہراؤ اور متاع ہے۔(۳۶) پھر آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے کچھ کلمات

فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ

سیکھ لیے تو اس پر ہم نے اسے معاف کر دیا بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا رحیم ہے۔ (۳۷) ہم نے فرمایا تم سب یہاں

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

سے اُتر جاؤ پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئے پس جو ہدایت کی پیروی کرے تو اسے نہ کوئی خوف

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

ہو گا اور نہ اُن کے لیے کوئی غم ہو گا۔(۳۸) اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ۔۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۳۹﴾ يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡۤ ع ۱۰/۴

دوزخی ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۳۹) اے بنی اسرائیل! میری نعمت کو یاد کروجو میں

اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَاَوۡفُوۡا بِعَهۡدِىۡۤ اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ ۚ وَاِيَّاىَ

نے تم پر انعام کی اور میرے عہد کو پورا کرو میں تمہارا عہد پورا کروں گا اور مجھ

فَارۡهَبُوۡنِ ﴿۴۰﴾ وَاٰمِنُوۡا بِمَآ اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمۡ وَلَا تَكُوۡنُوۡۤا اَوَّلَ

ہی سے ڈرو۔(۴۰) اور جو میں نے اُتارا اس پر ایمان لاؤ وہ اس کی تصدیق کرتا ہے جوتمہارے پاس ہے اس کے اوّلین

كَافِرٍۢ بِهٖ ۖ وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ۡ وَّاِيَّاىَ فَاتَّقُوۡنِ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَلۡبِسُوا

منکروں میں نہ بنو اور میری آیتوں کے عوض تھوڑے دام نہ لو اورمجھ ہی سے ڈرو۔ (۴۱) اور حق کو باطل کے

الۡحَقَّ بِالۡبَاطِلِ وَتَكۡتُمُوا الۡحَقَّ وَاَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۴۲﴾ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ

ساتھ نہ ملاؤ اور حق کو جانتے ہوئے نہ چھپاؤ۔ (۴۲) اور نماز پر قائم رہو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارۡكَعُوۡا مَعَ الرّٰكِعِيۡنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبِرِّ وَ

اور زکوٰۃ دیتے رہو اوررکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرتے رہو۔ (۴۳) کیا تم لوگوں کو نیکی کرنے کا حکم دیتے

تَنۡسَوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ وَاَنۡتُمۡ تَتۡلُوۡنَ الۡكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۴۴﴾ وَاسۡتَعِيۡنُوۡا

ہو اور خود کو اس سے مستثنٰی کرتے ہو اور حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو۔ کیا تمہیں عقل نہیں۔(۴۴) صبر اور

بِالصَّبۡرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيۡرَةٌ اِلَّا عَلَى الۡخٰشِعِيۡنَ ﴿۴۵﴾ الَّذِيۡنَ

نماز سے مدد حاصل کرو، اور بیشک نماز گراں ہے مگر اللہ سے خشیت رکھنے والوں پر گراں نہیں ہے۔ (۴۵) جو لوگ یہ

يَظُنُّوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّلٰقُوۡا رَبِّهِمۡ وَاَنَّهُمۡ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ ﴿۴۶﴾ يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الربع ع ۵/۷ ۵

یقین رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے حضور حاضر ہونا ہے اور بیشک اسی کی طرف لوٹنا ہے۔(۴۶) اے بنی اسرائیل!

اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَاَنِّىۡ فَضَّلۡتُكُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۴۷﴾

میری نعمتیں یاد کرو جو میں نے تم پر انعام کیں اور بیشک میں نے تمہیں ساری دنیا پر اس زمانے میں فضیلت دی تھی۔(۴۷)

وَاتَّقُوۡا يَوۡمًا لَّا تَجۡزِىۡ نَفۡسٌ عَنۡ نَّفۡسٍ شَيۡـًٔـا وَّلَا يُقۡبَلُ مِنۡهَا

اور ڈرو اس دن سے جب کوئی شخص کسی کا کچھ بھی بدلہ نہ دے سکے گا اور نہ کافر کے لیے

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤۡخَذُ مِنۡهَا عَدۡلٌ وَّلَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ﴿۴۸﴾ وَاِذۡ

سفارش قبول کی جائے گی اور نہ کسی سے کسی طرح کا بدلہ قبول کیا جائے گااور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔(۴۸) اور جب

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا

تَفۡخِیۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر سے پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ

ہم نے تمہیں فرعونیوں سے نجات دی جو تمہیں سخت عذاب میں مبتلا کرتے تھے تمہارے

اَبْنَآءَكُمْ وَ يَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

بیٹوں کو قتل کردیتے تھے اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ رکھتے تھے،اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی

عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ

آزمائش تھی ۔(۴۹) اور جب ہم نے تمہارے لیے دریا کو پھاڑ دیا پھرتمہیں نجات دی اور ہم نے آل فرعون

وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ

کوغرق کردیا اوریہ تمہاری آنکھوں کے سامنے ہوا ۔(۵۰) اور جب ہم نے موسٰی علیہ السلام سے چالیس راتوں

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ

کا وعدہ لیا تھا توتم اُن کے جانے کے بعد بچھڑے کی پوجا کرنے لگے اور یہ کہ تم ظلم کرنے والے تھے ۔(۵۱) پھر اس کے بعد ہم

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ

نے تمہیں معاف کردیا تاکہ تم شکر کرو۔(۵۲) اور جب ہم نے حضرت موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب

وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ

اور معجزے عطا کیے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ (۵۳) اور جب حضرت موسٰی نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم

اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ

تم نے بچھڑے کو معبود بنانے کے سلسلے میں اپنی جانوں پر بہت ظلم کیا ہے پس اپنے بنانے والے کے سامنے توبہ کرو

فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ

اور اپنے نفس کو مارو۔تمہارے بنانے والے کے قریب تمہارے لیے یہی بہتر ہے پھر اس نے تمہاری

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ

توبہ قبول کرلی ۔ بیشک وہ توبہ قبول کرنے والا رحم والاہے۔(۵۴) اور جب تم نے کہا اے موسٰی جب تک ہم

حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

اللہ کو اپنے سامنے نہ دیکھ لیں ہرگز ایمان نہیں لائیں گے پس تمہیں بجلی نے آکر گھیر لیااور تم یہ دیکھ رہے تھے ۔(۵۵)

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا

پھر ہم نے تمہیں موت آجانے کے بعد زندہ کیا تاکہ تم شکر کرو۔ (۵۶) اور ہم نے تم پر بادل

غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

”مَدّ“ ۔تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ

کا سایہ کیے رکھا اور ہم نے تمہارے لیے من اور سلویٰ نازل فرمایا ۔ تاکہ جو ہم نے تمہیں رزق

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

دیا ہے اس سے پاکیزہ کھاؤ۔ اور اُنہوں نے ہمارا کچھ نہ بگاڑا بلکہ اپنے اُوپر خود ہی

يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

ظلم کیا۔ (۵۷) اور جب ہم نے کہا کہ اس بستی میں داخل ہوجاؤاور اس میں جہاں سے چاہو

شِئْتُمْ رَغَدًا وَّ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ

اپنی تمنا کے مطابق کھاؤ اور اس دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ اور بخش دے کہو

خَطٰيٰكُمْ ؕ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا

ہم تمہاری سب خطائیں معاف کردیں گے اور احسان کرنے والوں میں اضافہ کر دیں گے۔(۵۸) پس ظالموں نے اس قول

غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ

کی جگہ بدل کر اور قول رکھ لیا جس کا انہیں حکم دیا گیا تھاپھر ہم نے ظالموں پر آسمان سے

السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ ع ٦ ١٣ ٢

عذاب نازل کیا اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ فسق کرتے تھے ۔(۵۹) اور جب حضرت موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے

فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ

پانی مانگا تو ہم نے کہا کہ اپنے عصا کو پتھر پر مارو ۔تو اس پتھر سے بارہ چشمے جاری ہوگئے۔

عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

ہر ایک گروہ نے اپنا اپنا گھاٹ جان لیا۔ اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو

وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ

مگر زمین میں فسادی بن کر نہ پھرو۔(۶۰) اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ہرگز ایک ہی

نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

نوعیت کے کھانے پرصبر نہیں کرسکتے پس اپنے رب سے ہمارے لئے دُعا کر کہ وہ ہمارے لئے

الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَ قِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَ عَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ

زمین سے اُگنے والی چیزیں یعنی ساگ ، ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز پیدا کر دے ۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا

حضرت موسیٰ (علیہ السلام)نے کہا کہ کیا تم اچھی چیز کو ادنیٰ چیز کے عوض میں بدلنا چاہتے ہو ۔ اچھا

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ق

مصر یا کسی شہر میں سکونت اختیار کر لو بیشک جو تم نے مانگا ہے وہی مل جائے گا اور اُن پر ذلّت اور مسکینی مسلّط

وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ

کر دی گئی اور اللہ کے غضب کے باعث وہ مغضوب ہوگئے۔ یہ اس وجہ سے ہوا کہ وہ اللہ کی آیات سے

اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

انکار کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق شہید کردیتے تھے۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ وہ حد سے زیادہ زیادتی کرنے

يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَ ع

والے تھے ۔(۶۱) بیشک اہل ایمان میں سے اور یہود اور نصاریٰ اور

الصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ

صابیوں میں سے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو اس کے لئے

اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾

اللہ کے ہاں اجر ہے اور انہیں کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غم برداشت کریں گے۔(۶۲)

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ

اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تم پر طُور کو بلند کر دیا ۔ پس جوہم نے تمہیں دیا اسے طاقت کے ساتھ پکڑلو

بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ

اور ذہن میں ڈال لو جو کچھ اس میں ہے تاکہ تم میں تقویٰ آجائے۔(۶۳) پھر تم اس کے بعد پھرگئے

بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ

اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم ضرورخسارہ اُٹھانے والوں میں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ

سے ہوجاتے۔ (۶۴) اور تم خوب جانتے ہو جنہوں نے سبت کے سلسلے میں زیادتی کی تھی پس ہم نے

فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾ ج فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ

اُن کے لیے پھٹکارے ہوئے بندربن جانے کا حکم دے دیا۔(۶۵) پھر ہم نے اس بات کو اس وقت میں موجود لوگوں

يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

کے لیے اور بعد میں آنے والوں کے لئے باعثِ عبرت بنا دیا اور اہل تقویٰ کے لیے بھی یہ نصیحت ہے۔(٦٦) اور جب حضرت موسیٰ نے

لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا

اپنی قوم سے کہا بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں گائے ذبح کرنے کا حکم دیا ہے۔تو اُنہوں نے کہا کیا آپ نے ہمارا

هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا ادْعُ

مذاق اُڑایا ہے۔ فرمایا اللہ کی پناہ کہ میں ناسمجھ لوگوں میں سے ہوجاؤں ۔(٦٧) بولے آپ اپنے

لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا

رب سے ہمارے لئے دُعا کریں کہ وہ بتائے کہ وہ گائے کیسی ہو ۔حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ بیشک

فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾

وہ کہتا ہے کہ بلاشبہ وہ گائے نہ بوڑھی ہو اور نہ چھوٹی بلکہ درمیانی عمر کی ہو۔ پس کرو جس کا تمہیں حکم دیا گیا ہے۔(٦٨)

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا

کہنے لگے کہ اپنے رب سے پھر دُعا کریں کہ وہ ہمیں اس کا رنگ بتائے۔حضرت موسیٰ نے کہا بیشک وہ فرماتا ہے

بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا

کہ اس گائے کا رنگ گہرا زرد ہوجس کی رنگت دیکھنے والوں کو مسرور کردے۔ (٦٩) کہنے لگے اپنے رب سے پھر

رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ

پوچھیے کہ وہ ہمارے لئے وضاحت کردے کہ وہ گائے کیسی ہو بیشک ہمیں گائے پر مشابہ پڑ رہا ہے ۔اور اگر اللہ نے

شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

چاہا تو ضرور صحیح راہ پا جائیں گے ۔(٧٠) حضرت موسیٰ نے فرمایا کہ بیشک وہ کہتا ہے کہ وہ

تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا

گائے ایسی ہو جس سے نہ زمین میں ہل چلانے کی مشقت اور نہ پانی نکالنے کی خدمت لی جاتی ہو۔ صحیح

الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ وَاِذْ ع ٨ ١٠ ٨

سلامت بے داغ ہو۔کہنے لگے اب آپ واضح بات لائے ہیں۔ پس انہوں نے ذبح کی مگر وہ ذبح کرنے والے نہ تھے۔ (٧١)

قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ

اور یاد کرو جب تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا اور ایک دوسرے پر الزام لگانے لگے۔اور اللہ ظاہر کر دیتا ہے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تَكْتُمُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ

جو تم چھپاتے ہو۔ (۷۲) تو ہم نے کہا کہ اس مقتول کے جسم کو گائے کے ٹکڑے سے ضرب مارو اس طرح اللہ تعالیٰ مردے کو

الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ

زندہ کر دے گا اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم عقل مند بن جاؤ۔(۷۳) پھر تمہارے دل اس کے

مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ

بعد سخت ہوگئے پس وہ پتھر کی مانند ہیں یا اس سے بھی زیادہ سخت ہیں اور بیشک بعض

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ

پتھروں میں سے ایسے پتھر بھی ہوتے ہیں جن سے چشمے پھوٹ پڑتے ہیں،اور بیشک اِن میں سے بعض ایسے ہیں کہ ان کے

مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا

پھٹنے سے پانی نکلنے لگتا ہے۔اور بیشک اِن میں سے کچھ ایسے بھی ہیں کہ اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ

تمہارے عملوں سے بے خبر نہیں ۔ (۷۴) اے مسلمانو ! کیا تمہیں اُمید ہے کہ وہ تمہارے لیے ایمان لے

وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ

آئیں گے بلکہ اِن میں ایک گرو ایسا تھا جو اللہ کا کلام سنتے تھے پھر سمجھ لینے

مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کے بعد اسے جان بوجھ کر بدل دیتے تھے۔(۷۵) اور جب اہلِ ایمان سے ملاقات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ۔

قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

اور جب علیحدہ ہوتے ہیں اور آپس میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ مسلمانوں سے وہ بات کرتے

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا

ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کردی ہے تاکہ وہ تم پر تمہارے رب کے سامنے دلیل دیں کیا تم عقل سے

تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

کام نہیں لیتے۔ (۷۶) کیا وہ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں

يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ

اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ (۷۷) اور اُن میں سے کچھ اَن پڑھ ہیں جو اللہ کی کتاب کونہیں جانتے سوائے خود ساختہ

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

النصف

وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ

باتوں کے اور یہ صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ (۷۸) پس جو لوگ اپنے ہاتھوں سے کتاب کو لکھتے ہیں

بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ

اُن کے لئے ہلاکت ہے۔ پھر وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے عوض میں کچھ عوضانہ

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ

حاصل کرلیں۔ پس اُن کے لئے خرابی ہے جو کتاب کو اپنی طرف سے بنا کر لکھ لیتے ہیں اور اُن کے لئے

مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ

ہلاکت ہے جو انہوں نے کسب کیا۔ (۷۹) اور انہوں نے کہا گنتی کے چند دنوں کے علاوہ

قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ

آگ ہمیں نہیں چھوئے گی۔آپ فرمایئے کہ کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لے رکھا ہے پس اللہ ہرگز اپنے عہد کی

اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً

خلاف ورزی نہیں کرے گا ،کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جو تم نہیں جانتے۔(۸۰) ہاں جو بُرائیوں والی راہ اختیار

وَّ اَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

کرے تو اس کی خطائیں اسے گھیر لیں۔ پس وہی لوگ دوزخ میں جانے والے ہیں وہ اس

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ

میں ہمیشہ رہیں گے۔ (۸۱) اور جو لوگ ایمان لائیں اور نیک عمل کریں ،وہی اہل

ع ۹ ۱۱ ۹ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ

جنت سے ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۸۲) اور جب ہم نے بنی اسرائیل

بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۫ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو ۔ اور والدین کے ساتھ احسان کرو

وَّ ذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں (سے بھی احسان کرو) اور لوگوں سے اچھی بات کہو

وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

اور نماز پابندی سے پڑھو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ پھر تم پھر گئے اس عہد سے مگر تم میں سے تھوڑے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
"مَدٌّ" — تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ

قائم رہے اور یہ کہ تم پھر جانے والے تھے۔(۸۳) اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ کسی کا خون نہ بہانا

وَ لَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَ اَنْتُمْ

اور نہ ہی کسی کو اس کے گھر سے نکالنا تو تم نے اقرار کرلیا اوراس پر تم خود

تَشْهَدُوْنَ ﴿٨٤﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ

ہی گواہ ہو۔(۸۴) پھر تم وہی ہو جو اپنے ساتھیوں کو قتل کردیتے ہو اور اپنوں میں ایک گروہ کو اُن کے گھروں سے

فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ۡ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ

نکال دیتے ہو ،اُن کے مخالفین کی گناہ اور زیادتی کے ساتھ مدد کرتے ہواور اگر تمہارے پاس قیدی بن کر

وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ

آجائیں تو اُن سے فدیہ لے کر چھوڑتے ہو حالانکہ تم نے خود ہی انہیں نکالا تھا۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ

کیا تم کتاب کے کچھ حصے پر ایمان لاتے ہو اور کچھ کا انکار کرتے ہو۔ جو تم میں سے اس طرح کے

مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ

عمل کرے اس کی کیا سزاہے؟ سوائے اس کے کہ وہ دنیا کی زندگی میں رسوا ہو۔ اورقیامت کے دن اُسے

الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨٥﴾

شدید عذاب کی طرف دھکیل دیا جائے۔ اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اس سے بے خبر نہیں ہے۔ (۸۵)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا يُخَفَّفُ

یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کی زندگی کے بدلے میں دنیا کی زندگی خریدی۔ پھر اُن سے

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ ع

نہ عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ وہ مدد کیے جائیں گے۔ (۸۶) اور بیشک ہم نے حضرت موسیٰ کو کتاب دی

وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۡ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور اُن کے بعد دیگر پیغمبر مبعوث فرمائے اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو واضح نشانیاں عطا فرمائیں

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى

اور پاکیزہ روح سے اُن کی مدد فرمائی۔ کیا جب کوئی رسول تمہارے پاس وہ چیز لے کر آئے جو تمہارے نفس کے مطابق نہ

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَنۡفُسُكُمُ اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ ۚ فَفَرِيۡقًا كَذَّبۡتُمۡ ۡ وَفَرِيۡقًا تَقۡتُلُوۡنَ ﴿٨٧﴾ وَ

ہو تو تم اکڑ جاتے ہو پس انبیاء کے ایک گروہ کو تم جھٹلاتے ہو اور ایک گروہ کو شہید کردیتے ہو۔(۸۷) اور یہودی کہنے

قَالُوۡا قُلُوۡبُنَا غُلۡفٌ ؕ بَلۡ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفۡرِهِمۡ فَقَلِيۡلًا مَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿٨٨﴾

لگے ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں۔ بلکہ اُن کے کفر کے باعث اُن پر اللہ کی لعنت ہے پس اُن میں سے قلیل ایمان لانے والے ہیں۔(۸۸)

وَ لَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ ۙ وَ

اور جب اُن کے پاس اللہ کی طرف سے وہ کتاب یعنی (قرآن) آئی جو اُن کے پاس والی کی تصدیق کرتی تھی اور

كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُوۡنَ عَلَى الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۚۖ فَلَمَّا جَآءَهُمۡ

اس سے قبل وہ اس نبی کے وسیلے سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔ مگر جب وہ اُن کے پاس آیا

مَّا عَرَفُوۡا كَفَرُوۡا بِهٖ ۡ فَلَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿٨٩﴾ بِئۡسَمَا اشۡتَرَوۡا

جسے وہ جانتے تھے تو اسے ماننے سے منکر ہوگئے۔ پس نہ ماننے والوں پر اللہ کی لعنت ہے۔(۸۹) کیسا بُرا سودا ہے جس کے

بِهٖۤ اَنۡفُسَهُمۡ اَنۡ يَّكۡفُرُوۡا بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بَغۡيًا اَنۡ يُّنَزِّلَ

بدلے انہوں نے اپنی جانوں کو بیچا یہ کہ اس چیز سے انکار کریں کہ جو اللہ نے نازل فرمائی ہے

اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوۡ بِغَضَبٍ

یہ کہ اللہ اپنے فضل سے جس بندے کو چاہے نواز دے۔پس یہ غضب در غضب

عَلٰى غَضَبٍ ؕ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ

کے مستحق ہوگئے۔ اور ایسے کافروں کے لئے ذلّت والا عذاب ہے۔(۹۰) اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ

اٰمِنُوۡا بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا نُؤۡمِنُ بِمَآ اُنۡزِلَ عَلَيۡنَا وَيَكۡفُرُوۡنَ

جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے اس پرایمان لے آؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہم صرف اس چیزپر ایمان لانے والے ہیں

بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمۡ ؕ قُلۡ فَلِمَ تَقۡتُلُوۡنَ

جو ہم پر اُتری ہے اوراس کے علاوہ انکار کرتے ہیں حالانکہ وہ حق ہے اُن کے پاس موجود کی تصدیق کرتا ہے اِن سے کہیے کہ

اَنۡۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدۡ جَآءَكُمۡ

پھر پہلے سے موجود اللہ کے انبیاء کو تم نے کیوں شہید کیا؟ اگر تم صاحبِ ایمان ہو۔(۹۱) اور بیشک تمہارے

مُّوۡسٰى بِالۡبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذۡتُمُ الۡعِجۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ وَاَنۡتُمۡ

پاس حضرت موسیٰ کیسی واضح نشانیوں کے ساتھ آئے اس کے باوجود تم نے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور یہ کہ تم

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: ۔۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تَفۡخِيۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

ظٰلِمُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا

ظالم تھے ۔ (۹۲) اور جب ہم نے تم سے میثاق لیا اس کو یاد کرو اور ہم نے تم پرطور کو بلند کیا قوت کے

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا

ساتھ اس کو لے لو جو ہم نے تمہیں دیا ہے اور سنو ' کہنے لگے سنا ہم نے اور نہ مانا اُن کے کفر کی بنا

فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ

پر اُن کے دلوں میں بچھڑا سما چکا تھا۔ آپ فرمائیے کہ کیا تمہارا ایمان تمہیں برا حکم دیتا ہے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ

اگر تم صاحبِ ایمان ہو۔(۹۳) اُن سے فرمائیے کہ اگر آخرت کا گھر

عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

دوسرے انسانوں کو چھوڑ کرصرف تمہارے لیے اللہ کے ہاں اچھا ہے تو پھر اگر تم سچے ہو تو

صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ

موت کی تمنا کرو۔(۹۴) اور وہ ہرگزاپنے کیے ہوئے بُرے کاموں کی بنا پر کبھی بھی موت کی تمنا نہیں کریں گے۔اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚۛ معانقة ۲

ظلم کرنے والوں کوخوب جانتا ہے۔(۹۵) اور بیشک آپ کو پتہ چل جائے گا کہ دنیاوی زندگی کی حرص

وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚۛ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ

میں سب سے زیادہ ہے۔ اور یہ اس مسئلے میں مشرکوں سے بھی بڑھے ہوئے ہیں۔کیونکہ ان میں سے ہر کوئی ہزار سال

بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ ع ۱۰

جینے کا خواہشمند ہے۔اور وہ اتنی عمر دیے جانے کے باوجود عذاب کو دور نہ کر سکے گا۔اور جس طرح کے عمل یہ کررہے ہیں اللہ انہیں دیکھ رہا ہے۔(۹۶)

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

آپ فرمادیجئے کہ جو کوئی جبریلؑ کا دشمن ہو تو اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ بیشک جبریلؑ ہی نے آپ کے دل پر اللہ کے حکم سے

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾

قرآن اُتارا جو پہلے والی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے اور اہلِ ایمان کیلئے ہدایت اور کامیابی کی بشارت ہے۔(۹۷)

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ

پس جو کوئی اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں اور جبریل اور میکائیل

غُنَّة: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بٓ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ

کا دُشمن ہو تو بیشک اللہ ایسے کافروں کا دُشمن ہے۔ (۹۸) اور بیشک ہم نے تمہاری طرف واضح آیات نازل کی ہیں۔

وَمَا يَكۡفُرُ بِهَاۤ اِلَّا الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوۡا عَهۡدًا نَّبَذَهٗ

اور صرف فسق کرنے والے اِن کا انکار کرتے ہیں۔(۹۹) اکثراوقات اُن میں سے جب کسی فریق نے عہد کیا تو پھر اس پر

فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمۡ

عمل نہ کیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اُن میں اکثر کا ایمان نہ تھا۔(۱۰۰) اور جب کوئی اُن کے پاس

رَسُوۡلٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِيۡقٌ مِّنَ

رسول آیا جو اس کی تصدیق کرنے والا تھا کہ جو اُن کے پاس تھا تو اُن میں سے ایک گروہ نے اس بات کو

الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ ۙۗ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ كَاَنَّهُمۡ

اس طرح پس پشت ڈال دیا جنہیں کتاب دی گئی تھی گویا کہ وہ اسے بالکل ہی

لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوۡا مَا تَتۡلُوا الشَّيٰطِيۡنُ عَلٰى مُلۡكِ سُلَيۡمٰنَ ۚ

نہیں جانتے۔(۱۰۱) اور اس کی پیروی کرنے لگے جو شیاطین حضرت سلیمانؑ کے زمانہ میں پڑھا کر تے

وَمَا كَفَرَ سُلَيۡمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيۡنَ كَفَرُوۡا يُعَلِّمُوۡنَ النَّاسَ

تھے حالانکہ حضرت سلیمانؑ نے کبھی کفر نہ کیا بلکہ کفر کر نے والے شیاطین تھے جو لوگوں کو

السِّحۡرَ ۗ وَمَاۤ اُنۡزِلَ عَلَى الۡمَلَكَيۡنِ بِبَابِلَ هَارُوۡتَ وَمَارُوۡتَ ؕ

جادو سکھایا کرتے تھے جو کہ دو فرشتوں یعنی ہاروت اور ماروت پر بابل میں اُتارا گیا تھا

وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنۡ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوۡلَاۤ اِنَّمَا نَحۡنُ فِتۡنَةٌ فَلَا تَكۡفُرۡ ؕ

اور وہ دونوں کسی کو کچھ نہ سکھاتے جب تک کہ یہ نہ کہہ لیتے کہ ہم تو ایک آزمائش میں ہیں پس تو کفر میں مبتلا نہ ہو۔

فَيَتَعَلَّمُوۡنَ مِنۡهُمَا مَا يُفَرِّقُوۡنَ بِهٖ بَيۡنَ الۡمَرۡءِ وَزَوۡجِهٖ ؕ وَمَا هُمۡ

پھر بھی یہ اُن سے وہ سیکھتے تھے جس سے میاں بیوی میں جدائی ڈال دی جاتی۔ اور اس سے کسی کونقصان

بِضَآرِّيۡنَ بِهٖ مِنۡ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوۡنَ مَا يَضُرُّهُمۡ

نہیں پہنچا سکتے تھے سوائے اللہ کے حکم سے ، اس کے باوجود وہ سیکھتے تھے جو اُنہیں نفع نہیں بلکہ نقصان دینے والا ہے۔

وَلَا يَنۡفَعُهُمۡ ؕ وَلَقَدۡ عَلِمُوۡا لَمَنِ اشۡتَرٰٮهُ مَا لَهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ مِنۡ

اور وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ جو کوئی اس چیز کا خریدار بنا اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

غُنّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

"مَدّ" ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

اور کتنی بُری چیز تھی جس کے بدلے میں انہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا۔ کاش کہ انہیں اس بات کی سمجھ ہوتی۔(۱۰۲)

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ

اور اگر وہ ایمان لاتے اور تقویٰ کی راہ اختیار کرتے تو اللہ کے ہاں اُن کے لئے بہت اچھا اجر تھا ۔ کاش کہ

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ ع ۱۲ ۷ ۱۲

وہ جانتے ہوتے۔(۱۰۳) اے لوگو! جو ایمان لائے ہو رَاعِنَا نہ کہا کرو بلکہ یوں التجا کیا کرو کہ

قُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ

حضور ہم پر نظر رکھیں اسے اچھی طرح سُن لو اور کافروں کے لیے عذاب الیم ہے۔(۱۰۴) ایسے لوگ اہل

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ

کتاب میں سے جنہوں نے کفر کیا ہے اور مشرکوں میں سے نہیں چاہتے کہ تم پر تمہارے رب

مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

کی طرف سے بھلائی نازل ہو۔ اور اللہ جسے چاہے اپنی رحمت کے لیے مخصوص کرلیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا

اور اللہ فضل عظیم والا ہے۔(۱۰۵) جو آیت ہم نے منسوخ کردی یا دل سے نکال دی

نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

تو اس سے بہتر یا اس کی مثل لاتے ہیں۔ کیا تجھے پتہ نہیں کہ بیشک اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

قادر ہے۔ (۱۰۶) کیا تو نہیں جانتا کہ بیشک زمین وآسمان کی بادشاہت اسی کی ہے۔

وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمْ تُرِيْدُوْنَ

اور اللہ کے علاوہ تمہارا نہ کوئی حمایتی ہے اور نہ کوئی مددگار ہے۔ (۱۰۷) کیا تم یہ چاہتے ہو کہ

اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ

اپنے پیغمبر سے ایسا سوال کرو جیسا کہ پہلے حضرت موسیٰ سے سوال ہوا تھا۔ اور جو ایمان کے

يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾ وَدَّ

بدلے میں کفر اختیار کرے پس وہ سیدھی راہ سے گمراہ ہوگیا۔ (۱۰۸) اہلِ کتاب

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ۔۔ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ

میں سے بہت سے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں ایمان کے بعد پھر کفر کی طرف اپنے دل کے

حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ

حسد کی بنا پر پھیر دیں بعداس کے کہ اُن پر حق ظاہر ہو چکا ہے۔

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

پس درگزر کرو اور چھوڑ دویہاں تک کہ اللہ اپنا حکم کرے۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

الثلثة

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا

قادر ہے ۔(۱۰۹) اور پابندی نماز پر قائم رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور جو بھلائی

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اپنے لیے آگے بھیجو گے اسے اللہ کے ہاں پاؤ گے۔ بیشک اللہ جو

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ

تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے۔(۱۱۰) اور اہلِ کتاب نے کہا کہ یہود اور نصاریٰ کے سوا کوئی اور جنت میں نہیں

كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ

جائے گا۔ یہ اُن کے باطل تصور ہیں۔ اے پیغمبر! فرما دیجئے کہ اگر تم سچے ہو تو

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ

دلیل پیش کرو۔(۱۱۱) ہاں! جس نے اللہ کے آگے اپنا چہرہ جھکا دیا اور وہ نیک بھی ہو

مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

تو اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے۔ اور اُن پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ

ع ۱۳ ۹ ۱۳ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۪ وَّ

غمزدہ ہوں گے۔ (۱۱۲) اور یہود نے کہا کہ نصاریٰ کچھ نہیں ہیں۔ اور نصاریٰ نے کہا کہ

قَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ

یہود کچھ نہیں ہیں۔ حالانکہ وہ دونوں کتاب پڑھتے ہیں۔ اسی طرح لا علم

الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ

لوگوں نے اُن جیسی بات کہی۔ تو اللہ قیامت کے دن اُن کے درمیان

لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ
تو اُن میں سے ایک جماعت چاہتی تھی کہ تمہیں راہ سے ہٹا دیں۔اور وہ خود ہی کو سیدھی راہ سے ہٹا رہے ہیں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ۔۔۔ تین الف کے برابر ۔۔۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اور آپ کو ذرّہ بھر بھی نقصان نہ دے سکیں گے اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی اور تمہیں

الثلثة وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾

وہ سکھا دیا جوتم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بہت بڑا فضل ہے۔ (۱۱۳)

لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ

اُن کے اکثر مشوروں میں بھلائی نہیں ہے ہاں اس کامشورہ اچھا ہوسکتا ہے جو خیرات کاحکم دے

اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ

یا اچھی بات کہے یا لوگوں میں صلح کروائے اور جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے ایسا کرے تو

اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ

عنقریب ہم اسے اجرِ عظیم عطا فرمائیں گے۔(۱۱۴) اور جو ہدایت معلوم ہوجانے کے بعد رسول

بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ

کی مخالفت کرے اور مومنوں کے راستے کی بجائے کسی اور راہ پر چلے تو ہم اُسے اس کے حال پر

ع ۱۷ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ

چھوڑ دیں گے اور اسے جہنم میں ڈالیں گے جو بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔(۱۱۵) بیشک اللہ اپنے ساتھ شرک

اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ

کرنے والوں کی بخشش نہیں کرے گا اور اس کے سواجو چاہے بخش دے اور جو اللہ کے ساتھ

بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾ اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ

شرک کرے تو وہ دُور کی گمراہی میں ہے۔(۱۱۶) یہ اللہ کے سوا دیویوں کی بھی پوجا کرتے ہیں،

وقف لازم اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ﴿۱۱۷﴾ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ

اور یہ سرکش شیطان کو بھی پکارتے ہیں۔(۱۱۷) اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ اور اس نے کہا

لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿۱۱۸﴾ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَ

کہ قسم ہے کہ میں ضرور تیرے بندوں سے مقرر شدہ حصہ لے لیا کروں گا۔ (۱۱۸) اور میں اُنہیں گمراہ کرتا

لَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ

رہوں گا اور اُمیدیں دلاتا رہوں گا اورانہیں جانوروں کے کان چیرنے کاحکم دیتا رہوں گااور اللہ کی تخلیق شدہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ

چیزوں کو بدلنے کا حکم بھی دیتا رہوں گا اور جو شخص اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا دوست بنائے تو

اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ﴿١١٩﴾ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا

واضح طور پر خسارے میں پڑ گیا۔(۱۱۹) شیطان اُن سے وعدے کرتا ہے اور اُمیدیں دلاتا ہے اور

يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿١٢٠﴾ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۫ وَ

شیطان کے وعدے فریب کے سوا کچھ نہیں ہیں۔(۱۲۰) اُنہی لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور

لَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ﴿١٢١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وہ وہاں سے بچ کر نکلنے کی جگہ نہ پائیں گے۔(۱۲۱)اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح عمل کیے

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

عنقریب ہم اُنہیں جنت میں داخل کریں گے جس میں نہریں بہتی ہیں ہمیشہ اس میں رہیں

اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ﴿١٢٢﴾ لَيْسَ

گے۔ اللہ کا وعدہ حق ہے اور اللہ سے بڑھ سچا قول کس کا ہے۔(۱۲۲) نجات کا

بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَ

دارو مدار نہ تو تمہاری آرزوؤں پر ہے اور نہ اہل کتاب کی اُمیدوں پر ہے۔جوکوئی بُرائی کرے گا اس کی سزا پائے گا۔ اور

لَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ

اللہ کے سوا نہ اپنا کوئی دوست پائے گا اور نہ ہی مددگار پائے گا۔(۱۲۳) اور جو کوئی نیک

مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ

عمل کرے گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو تو اُنہیں جنت میں داخل کیا

الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ﴿١٢٤﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ

جائے گا اور تل برابر اُن کی حق تلفی نہ ہوگی۔ (۱۲۴) اوراس شخص سے کِس کا دین اچھا ہوسکتا ہے جس نے اپنا چہرہ

وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ

اللہ کے لیے جھکا دیا ہو اور وہ محسن ہو اور ملّتِ ابراہیم کا پیروکار ہو۔ اور اللہ نے

اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿١٢٥﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

حضرت ابراہیمؑ کو اپنا دوست بنایا ہے۔(۱۲۵) اور آسمانوں اور زمین میں جوکچھ ہے وہ اللہ ہی کا ہے۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر ـــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ۭ قُلِ ع ۱۸ ۱۱ ۱۵

اور اللہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔(۱۲۶) اور آپ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں تو فرمائیے کہ

اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى

اللہ اُن کے بارے میں حکم دیتا ہے جو یتیم لڑکیوں کے بارے میں قرآن پاک میں بیان

النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ

کیا جا چکا ہے تم اُن کا مقرر کردہ حق اُنہیں نہیں دیتے ہو اور یہ خواہش رکھتے ہو کہ

تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا

اُن کے ساتھ نکاح کرلو اور کمزور بچوں کے بارے میں سوچتے نہیں ہو۔اور یہ بھی حکم ہے کہ یتیموں کے

لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

بارے میں انصاف قائم کرو۔اور جو بھی تم بھلائی کرتے ہو تو بیشک اللہ اسے اچھی طرح

بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا

جانتا ہے۔ (۱۲۷) اور اگر کسی عورت کو خاوند سے خطرہ ہو یا بے رغبتی کا اندیشہ ہو

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۭ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۭ

تو میاں بیوی پرکچھ گناہ نہیں کہ آپس میں صلح سے کام لیں اور صلح بہتر ہے

وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ۭ وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

اور نفسوں میں تو لالچ بھرا ہے اور اگر تم احسان کرو اور متقی بنو تو بیشک اللہ

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ

تمہارے عملوں سے باخبر ہے۔ (۱۲۸) اور تم عورتوں کے درمیان عدل کرنے کی استطاعت

النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا

نہیں رکھتے خواہ تم کتنی ہی کوشش کرو اور یہ نہ کرو کہ ایک جانب جھک جاؤ اور دُوسری جانب کو

كَالْمُعَلَّقَةِ ۭ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾

لٹکتا ہوا چھوڑ دو اور یہ کہ اصلاح کرو اور متقی بنو تو بیشک اللہ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔(۱۲۹)

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا

اور اگر دونوں جدا ہو جائیں تو اللہ اپنی وسعت کے باعث دونوں کو بے نیاز کردے گا، اور اللہ وسعت والا

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ۔ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

حکمت والا ہے۔(۱۳۰) اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ ہی کے لیے ہے اور بیشک جنہیں آپ سے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ

پہلے کتاب دی گئی اور آپ کو بھی تاکید کردی گئی کہ اللہ سے ڈرو، اور اگر کفر کرو گے

تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

تو سمجھ لو کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ ہی کا ہے اور اللہ غنی ہے

غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى

تعریف کیا گیا ہے۔(۱۳۱) اور آسمانوں اور زمین میں جوکچھ ہے وہ اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کارسازی

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ

میں کافی ہے۔(۱۳۲) اگر وہ چاہے تم سب کو لے جائے اور تمہاری جگہ پر دوسروں کو لے آئے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اور اللہ ایسا کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔(۱۳۳) جو دنیا کا انعام چاہے تو یاد رکھو کہ دنیا

فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع ۱۹ ۸ ۱۶

اور آخرت کا انعام اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔(۱۳۴)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ

اے ایمان والو! اللہ کے لیے گواہی دیتے ہوئے انصاف قائم کرنے والے بن جاؤ

وَلَوْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا

خواہ اس میں تمہارا یا تمہارے والدین یا رشتہ داروں کا نقصان ہی کیوں نہ ہو، خواہ کوئی غنی ہے

اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۫ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰۤى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

یا فقیر تو اللہ اُن کا خیرخواہ ہے۔ انصاف کرنے میں خواہش نفس کی پیروی نہ کرو۔

وَاِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾

اور اگر تم ہیر پھیر یا منہ موڑو تو بیشک اللہ جو تم کرتے ہو اس سے باخبر ہے۔(۱۳۵)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ

اے ایمان والو! اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اُس کتاب پر جو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ

اُس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور اُس کتاب پر جواِس سے پہلے نازل کی گئی ہے ایمان لاؤ

یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ

اور جو کوئی اللہ اور فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور یوم آخرت سے انکار کرے

ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

تو وہ دور کی گمراہی میں جا گرے گا۔ (۱۳۶) بیشک جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھرایمان لائے پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ

کافر ہوگئے حتیٰ کہ کفر میں بڑھتے گئے تو اللہ اُنہیں بالکل نہیں بخشے گا اور نہ

وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ سَبِیْلًا ﴿۱۳۷﴾ ؕ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا

ہی ہدایت والا راستہ دے گا۔ (۱۳۷) منافقوں کے لیے عذاب الیم کی بلا شبہ

اَلِیْمَاۙ ﴿۱۳۸﴾ ۙ الَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ؕ

خبر ہے۔ (۱۳۸) جو لوگ مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں کیا اس طرح

اَیَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا ﴿۱۳۹﴾ ؕ وَقَدْ نَزَّلَ

وہ رب کے ہاں عزت کے متلاشی ہیں تو بیشک سب عزت اللہ ہی کی ہے۔(۱۳۹) اور تحقیق کہ اللہ

عَلَیْكُمْ فِی الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰهِ یُكْفَرُ بِهَا وَیُسْتَهْزَاُ

نے تم پر کتاب میں یہ بات نازل کی ہے کہ جب تم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے اور اُن کے ساتھ

بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖۤ ۖ

مذاق ہوتے سنو اُن کے ساتھ نہ بیٹھو حتیٰ کہ وہ اور باتیں نہ کرنے لگ جائیں۔

اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْكٰفِرِیْنَ فِیْ جَهَنَّمَ

ورنہ تم بھی اُن کی طرح ہو جاؤ گے، بیشک اللہ منافقوں اور کافروں کو دوزخ میں سب کو ملا کراکٹھا کرنے

جَمِیْعَاۨ ﴿۱۴۰﴾ ۙ الَّذِیْنَ یَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ

والاہے۔(۱۴۰) جو اس بات کے انتظار میں ہیں کہ اگر آپ کو اللہ کی طرف سے فتح ہوگئی تو

قَالُوْۤا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِیْنَ نَصِیْبٌ ۙ قَالُوْۤا اَلَمْ

کہیں گے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور اگر کافروں کو فتح نصیب ہوگئی تو کہیں گے کہ کیا ہم تم پر

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

غالب نہ تھے، اور تمہیں مومنوں سے نہیں بچایا۔ پس اللہ قیامت کے روز تم میں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾ ع ۲۰ ۱۷

فیصلہ فرما دے گا اور اللہ کافروں کو مومنوں پر ہرگز غلبہ نہیں دے گا۔(۱۴۱)

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ج وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى

بیشک منافقین سوچتے ہیں کہ وہ اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں، اللہ اُن کو دھوکہ کی سزا دینے والا ہے۔ منافق نماز

الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى لا يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

پڑھنے میں سُستی کرتے ہیں اور ریاکاری کرتے ہیں اور بہت تھوڑے اللہ کا ذکر

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ق لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى

کرتے ہیں۔(۱۴۲) کفر اور ایمان کے درمیان تذبذب میں پڑے ہوئے ہیں نہ اِدھر کے ہوتے ہیں اورنہ

هٰٓؤُلَآءِ ط وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا

اُدھر کے بنتے ہیں اور جسے اللہ گمراہ کردے تو پھر ہر گز اُسے ہدایت نہیں مل سکتی ۔(۱۴۳) اے ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط

والو! مومنوں کے سوا کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

کیا تم چاہتے ہوکہ اپنے اُوپر اللہ تعالیٰ کی واضح دلیل قائم کرلو۔ (۱۴۴) بیشک منافق دوزخ

فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ج وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ

کے نچلے درجے میں ہوں گے اور تم ہر گز اُن کے لیے مدگار نہ پاؤ گے۔(۱۴۵) مگر جنھوں نے

تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ

توبہ کرلی اوراصلاح کرلی اور اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لیا اور اللہ کے لیے اپنے دین میں اخلاص پیدا کرلیا

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا

تو وہی مومنوں کے ساتھ ہیں اور عنقریب اللہ مومنوں کو اجرِ عظیم عطا فرمائے گا۔(۱۴۶) اگر

يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ط وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾

تم شکر کرنے لگو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اور اللہ بڑا قدردان ہے جاننے والا ہے۔(۱۴۷)

الجزء ٦

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَ

اللہ بُری بات کو اعلانیہ طور پر کہنا پسند نہیں کرتا مگر جس پر ظلم کیا گیا ہو۔ اور

كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ

اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔(۱۴۸) اگر تم نیکی کو ظاہراً یا چھپا کرکرو یا

تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

کسی کی بُرائی سے درگزر کرو تو بیشک اللہ درگزر کرنے والا قدرت والا ہے۔ (۱۴۹) بیشک جو لوگ

يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ

اللہ اور اس کے رسول کا انکار کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کے درمیان فرق ڈالنا چاہتے ہیں اور

رُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّ يُرِيْدُوْنَ

بعض پر ایمان لاتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں اور اس طرح ایمان اور

اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ ﴿١٥٠﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ

کفر کے درمیان راستہ بنانا چاہتے ہیں۔(۱۵۰) یہی لوگ حقیقت میں کافر ہیں

حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ

اور کافروں کے لیے ہم نے ذلت آمیز عذاب تیار کررکھا ہے۔(۱۵۱)اور جو لوگ اللہ اور اس کے

وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ

رسول کے ساتھ ایمان لائے اور اُن میں کسی میں فرق نہیں ڈالا وہی لوگ ہیں جنہیں عنقریب

ع ٢١ ١١ ١ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٥٢﴾ ع يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

اجر دیا جائے گا۔ اور اللہ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والاہے۔(۱۵۲) اہل کتاب آپ سے سوال کرتے ہیں

اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ

کہ آپ آسمان میں سے اُن پر ایک کتاب اُتروا دیں تو یہ حضرت موسیٰؑ سے اس سے بڑی

مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ

بات کا سوال کرچکے ہیں۔ اُنہوں نے کہا تھا کہ اللہ ہمیں سامنے دکھا دو، تو اُن کے ظلم کے باعث اُنہیں بجلی نے پکڑ لیا تھا

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ

پھر اُن کے پاس واضح دلیلیں آنے کے باوجود اُنہوں نے بچھڑے کو معبود بنا لیا تھا پھر بھی ہم نے اُنہیں

ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ

معاف کردیا۔ اورحضرت موسیٰ کو ہم نے واضح غلبہ عطا فرمایا۔(۱۵۳) اوراُن سے عہد لینے کے لیے ہم

بِمِيْثَاقِهِمْ وَ قُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ

نے کوہ طور کو اُن پر بلندکر دیا اور ہم نے اُن سے کہا دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ اور ہم نے

لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا

انہیں کہا کہ ہفتے کے روز زیادتی نہ کرو اور ہم نے اُن سے پختہ عہد لیا۔(۱۵۴) تو اُن کے

نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ

عہد کو توڑ دینے اور اللہ کی آیتوں کا انکار کرنے اور انبیاء کونا حق شہید کرنے اور یہ کہنے

حَقٍّ وَّ قَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ

کے سبب کہ ہمارے دلوں پر غلاف پڑے ہیں، اللہ نے اُن پرلعنت کی یہ تو اللہ کی طرف سے اُن کے کفر کے سبب

فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّ بِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا

اُن کے دلوں پر مہر لگادی گئی پس اُن میں سے تھوڑے ایمان لائیں گے۔ (۱۵۵) اور اُن کے کفر کے سبب اور حضرت مریمؑ پر بہتان عظیم

عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّ قَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ

باندھنے کے باعث۔(۱۵۶) اور یہ کہنے کے باعث کہ ہم نے مسیح ابن مریمؑ اللہ کے رسول کو قتل کیا (اللہ نے اُنہیں ملعون کردیا)

اللّٰهِ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ وَ لٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَ اِنَّ

اور اُنہیں نہ قتل کیا گیا اور نہ اُنہیں سولی پر چڑھایا گیا بلکہ وہ شبہ میں ہیں۔ اور بیشک جو

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

لوگ اِس میں شک کرتے ہیں اُنہیں اس کے متعلق کوئی علم نہیں ہے مگر وہ اپنے گمان کی

اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ

پیروی کررہے ہیں اور یقیناً اُنہوں نے اُنہیں قتل نہیں کیا۔ (۱۵۷) بلکہ اللہ تعا لی نے اُنہیں اپنی طرف

وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

بلند کرلیا اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۱۵۸) اور اہل کتاب میں سے کون ایسا ہے جو اُن

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ

کی موت سے پہلے اُن پر ایمان نہ لائے۔ اور قیامت کے دن وہ اُن پر گواہ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

"مَدّ" - تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

شَهِيْدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ

ہوگا۔ (۱۵۹) یہودیوں کے ظلم کرنے کے باعث بعض طیب چیزوں کو جو اُن کے لیے حلال تھیں

طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَ بِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾

ہم نے اُن کے لیے حرام کردیا یہ اس لیے کیا کہ اُنہوں نے بہت سے لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکا۔(۱۶۰)

وَّ اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَ قَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَ اَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ

اُن پر حلال چیزیں حرام ہونے کی وجہ سُود تھا جو وہ کھاتے تھے حالانکہ اُنہیں سُود سے منع کیا گیا تھا اور وہ لوگوں کا مال

بِالْبَاطِلِ ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦١﴾ لٰكِنِ

ناحق کھاتے تھے اور ہم نے اُن میں سے جو کافر ہوئے اُن کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔(۱۶۱) البتہ

الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

جو اِن میں علم میں پختہ ہیں اور ایمان والے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا ہے جو آپ

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَ الْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَ الْمُؤْتُوْنَ

سے پہلے نازل کیا گیا ہے اِس پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں

الزَّكٰوةَ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ

اور اللہ اور آخرت پر ایمان لاتے ہیں۔ وہی لوگ ہیں جنھیں عنقریب

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ ع ۲۲ ۱۰ ۲

اجرِ عظیم دیا جائے گا۔ (۱۶۲) بیشک ہم نے آپؐ پر وحی نازل کی جیسا کہ ہم نے حضرت نوح

وَّ النَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ

ؑاور بعد کے انبیاء کی طرف وحی کی اور ہم نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل اور

اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ عِيْسٰى وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ

حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب اور اُن کی اولاد اور حضرت عیسٰی اور حضرت ایّوب اور حضرت یونس اور

هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ

حضرت ہارون اور حضرت سلیمان علیہم السلام پر وحی کی اور ہم نے حضرت داؤدؑ کو زبور عطا فرمائی۔(۱۶۳) اور بہت سے رسول ہیں جن کے قصے

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ

تم سے پہلے بیان کردیئے ہیں اور ایسے رسول بھی ہیں کہ جن کا ذکر آپ پر نہیں کیا۔ اور حضرت موسیٰؑ سے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ

اللہ نے کلام کیا۔ (۱۶۴) سب رسولوں کو خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجا تاکہ رسولوں کے

لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾

بعد اللہ پر لوگوں کو کوئی حجت نہ رہے۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۱۶۵)

لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ

اللہ اس کتاب کے ذریعے جو اس نے آپ پر نازل کی ہے گواہی دیتا ہے کہ اس کے نازل ہونے سے علم دیا گیا ہے اور فرشتے

يَشْهَدُوْنَ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا

بھی گواہی دیتے ہیں۔ اور اللہ کی گواہی کافی ہے۔(۱۶۶) بیشک جنھوں نے کفر کیا اور دوسروں کو اللہ کی

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

راہ سے روکا وہ گمراہ ہوگئے اور دور کی گمراہی میں پڑ گئے۔ (۱۶۷) بیشک جنہوں نے کفر اور ظلم کیا

وَ ظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾

اُن کے لیے اللہ کے ہاں بخشش نہیں ہے اورنہ ہی اُنہیں ہدایت والی راہ ملے گی۔ (۱۶۸)

اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

مگر اُن کی راہ جہنم کی طرف ہے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بات اللہ پر

يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ

آسان ہے۔ (۱۶۹) اے لوگو! تحقیق تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق کے ساتھ رسول آیا پس

فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اس پر ایمان لاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے۔ اور اگر تم انکار کرو تو بیشک آسمانوں اور زمین میں

وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا

جوکچھ ہے وہ اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔ (۱۷۰) اے کتاب والو! اپنے دین میں

فِيْ دِيْنِكُمْ وَ لَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى

مبالغہ نہ کرو اور اللہ پر سچی بات کے سوا کچھ نہ کہو۔بے شک مسیح عیسٰی ابن

ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ

مریم اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں مریم کی طرف القا کیا اور اس میں روح تھی۔

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بٓ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا

پس اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اورتین خدا نہ کہو ایسا کہنے سے رُک جاؤ یہ تمہارے لیے

لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا

بہتر ہے۔ بیشک اللہ معبود واحد ہے۔ وہ پاک ہے کہ اس کے لیے کوئی اولاد نہیں ہے۔ آسمانوں اور

فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ ع

زمین میں جو کچھ ہے وہ اسی کے لیے ہے۔ اور اللہ کارساز ہونے میں کافی ہے۔(۱۷۱)

وقف لازم ۲۳ ع ۹ ۳

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ

مسیح (علیہ السلام) کواللہ کا بندہ ہونے سے کچھ عار نہیں ہے اور نہ مقرب فرشتوں کا

الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ

عار ہے۔ اور جو کوئی خدا کا بندہ بننے کو عار سمجھے اور تکبر کرے تو اللہ تعالیٰ اُن سب کو اپنے پاس جلدی

اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ

جمع کرے گا۔ (۱۷۲) پھر جوایمان لائے اور نیک عمل کیے تو اُنہیں پورا اجر

اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا

دیا جائے گا اور وہ اپنے فضل سے مزید اجر بھی دے گا۔ لیکن جنھوں نے بندہ بننے کو عار

وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ

سمجھا اور تکبر کیا تو اُنہیں دردناک عذاب دے گا۔ اور وہ اللہ کے سوا اپنے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ

لیے کسی کو اپنا حمایتی اور مددگار نہ پائیں گے۔(۱۷۳) اے لوگو! بیشک تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف

بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

سے روشن دلیل آگئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف روشن نور اُتارا۔ (۱۷۴) پس جو کوئی

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِىْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ

اللہ پر ایمان لائے اوراس کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے تو عنقریب اللہ اُنہیں اپنی رحمت اور اپنے فضل

وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ

میں داخل کرے گا اور اُنہیں صراط مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرمائے گا۔ (۱۷۵) آپ سے کلالہ کے متعلق پوچھتے ہیں،

غُنَّۃ: نون مشدد داور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اورتنوین اورمیم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ ، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ

آپ فرمائیے کہ اللہ کلالہ کے متعلق تمہیں یہ فتویٰ دیتا ہے۔ کہ اگر کسی مرد کا انتقال ہو جائے یہ کہ اس کی اولاد نہ

وَّ لَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَ هُوَ يَرِثُهَاۤ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

ہو اور اس کی بہن ہو تو اس کے لیے ترکہ میں نصف حِصّہ ہے۔ ایسے ہی بھائی تمام ترکے کا

لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَ اِنْ

وارث ہوگا اگر اس کی اولاد نہ ہو۔ اور اگر مرنے والے کی دو بہنیں ہوں

كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

تو مرنے والے کے ترکہ میں سے بہنوں کو دو تہائی ملے گا۔ اور اگر مرد اور عورتیں یعنی بھائی اور بہنیں وارث ہوں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے برابر ہوگا۔

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ع ١٧٦ ع ٢٤ ٥

یہ اللہ نے اس لیے بیان کیا ہے تاکہ تم بہک نہ جاؤ۔ اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔(١٧٦)

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ ٥ مَدَنِيَّةٌ ١١٢ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيٰتُهَا ١٢٠ رُكُوْعَاتُهَا ١٦

سورۃ المائدہ مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۱۲۰ آیات اور ۱٦ رکوع ہیں۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۬ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ المنزل ٢

اے ایمان والو! اپنے عہدوں کو پورا کرو۔ تمہارے لیے مویشی قسم کے جانور حلال

الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَ اَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ

کردئے گئے ہیں سوائے اُن کے جو تمہیں آگے سنائے جائیں گے مگر احرام میں ہونے کے باعث شکار حلال نہ سمجھو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ١ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ

بیشک اللہ حکم دیتا ہے جو چاہتا ہے۔(۱) اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو

اللّٰهِ وَ لَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ لَا الْهَدْيَ وَ لَا الْقَلَآئِدَ وَ لَاۤ آٰمِّيْنَ

اور نہ عزت والے مہینے کی اور نہ قربانیوں کی اور نہ اُن کی جن کے گلوں میں پٹے ڈالے گئے ہوں اور نہ

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا ؕ وَ اِذَا

اُن کی جو بیت اللہ کا ارادہ کئے ہوئے ہوں اور جو اپنے رب کے فضل اور رضا کے طالب ہوں۔ اور جب

حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ

احرام کھول دو تو شکار کرسکتے ہو۔ کسی قوم کی دشمنی تمہیں زیادتی کرنے پر آمادہ نہ کرے۔

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

وقف لازم

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ

جبکہ اُنہوں نے تمہیں مسجدِ حرام میں جانے سے روکا تھا۔اور نیکی اور تقویٰ میں

التَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

تعاون کرو۔ گناہ اور زیادتی میں تعاون نہ کرو اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک

الربع

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲﴾ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَ

اللہ کا عذاب سخت ہے۔(۲) تم پر حرام کیا گیا مُردار اورخون اور

لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ الْمُنْخَنِقَةُ وَ الْمَوْقُوْذَةُ

سؤر کا گوشت اور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا جائے اور جو جانور گلا گھٹ کرمرجائے اور جو ضرب سے

وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَ النَّطِيْحَةُ وَ مَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَ

مرجائے اور جو گر کر مرجائے اور جو سینگ لگ کر مر جائے اور جسے درندے پھاڑ ڈالیں۔

مَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَ اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ

مگر جس کو مرنے سے پہلے تم نے ذبح کرلیا ہو اور جو تھانوں پر ذبح کیا جائے اور پانسے ڈال کر بانٹنا۔یہ گناہ کے کام ہیں۔

اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَ

آج کافر تمہارے دین سے مایوس ہوگئے ، پس اُن سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے

اخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ

ڈرو۔ آج ہم نے تمہارے لیے تمہارے دین کو مکمل کردیا۔ اور تم پر اپنی نعمت کو پورا کردیا

وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ

اورتمہارے لیے دین اسلام کو پسند کیا۔ پس اگر کوئی بھوک سے لاچار ہوجائے

مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ

اور وہ گناہ کی طرف مائل نہ ہونے پائے تو بیشک اللہ بخشنے والا رحم والا ہے۔(۳) آپ سے سوال کرتے ہیں

اُحِلَّ لَهُمْ ؕ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ

کہ ہمارے لیے کیا حلال کیا گیاہے۔فرمادیجیے کہ تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال ہیں،اور وہ شکار بھی حلال ہے جسے

مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ

شکاری جانوروں نےتمہارے لیے پکڑاہو۔جس طرح اللہ نے تمہیں سکھایا ہے۔ تو اُس کو کھاؤ جو اُنہوں نےتمہارے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر سے پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

عَلَيْكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لیے روکے رکھا اور اُنہیں چھوڑتے وقت اللہ کا نام لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ
سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٤﴾ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ
جلد حساب لینے والا ہے۔(۴) آج تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کردی گئی ہیں۔ اور اہل کتاب کا کھانا
اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَ الْمُحْصَنٰتُ
تمہارے لیے اور تمہارا کھانا اُن کے لیے حلال ہے اور پاک دامن مومن
مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ
عورتیں اور پاکدامن اُن لوگوں کی عورتیں جنھیں تم سے پہلے کتاب دی
قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ
گئی تھی تم پر حلال ہیں جب کہ تم اُن کا مہر ادا کردو نکاح کی قید میں لاتے ہوئے نہ مستی نکالنااور
وَ لَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ
نہ آشنائی کرنا مقصود ہو۔ اور جو ایمان لا کرکافر ہو جائے تو اس کے اعمال ضائع ہوگئے۔
عَمَلُهٗ ۫ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٥﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ع ٥
اور وہی لوگ آخرت میں خسارے میں ہوں گے۔(۵) اے ایمان والو! جب تم
اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ اِلَى
نماز قائم کرنے لگو تو اپنے چہروں اور بازوؤں کو کہنیوں تک دھو لیا کرو اور
الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَ اِنْ
اپنے سروں کا مسح کرو اور ٹخنوں تک پاؤں کو بھی دھو لو۔ اور اگر تم
كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ
جُنبی ہو تو نہا کر خود کو پاک کرلیا کرو۔ اور اگر تم بیمار یا سفر میں ہو یا
جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا
کوئی تم میں سے قضائے حاجت کے بعد آیا ہو یا تم نے عورتوں سے ہم بستری کی ہو اور تمہیں پانی
مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ
نہ ملا ہو تو پاک مٹی سے تیمم کر لو پس اپنے چہرے اور ہاتھوں کا مسح

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ ... تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ لٰكِنْ يُّرِيْدُ
کر لو۔ اللہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہیں چاہتا بلکہ یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب پاک
لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٦﴾ وَ
صاف کرے اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کردے تاکہ تم شکر ادا کرتے رہو۔(٦) اور اللہ
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ
نے جو تم پر نعمت کی اسے یاد کرو اور اس عہد کو بھی جو اس نے تم سے کیا تھا یاد کرو
اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے سنا اور مان لیااور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ سینوں کی بات کو
الصُّدُوْرِ ﴿٧﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ
جاننے والا ہے۔ (٧) اے ایمان والو! اللہ کے لیے انصاف کے ساتھ گواہی دینے پر مضبوطی سے
بِالْقِسْطِ ۫ وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ
قائم ہو جاؤ۔ اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم عدل نہ کرو، عدل کیا کرو،
اِعْدِلُوْا ۛ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ
یہی تقویٰ کے قریب ہے۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک اللہ جو تم کرتے ہو
بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ
اس سے باخبر ہے۔(٨) جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ
اللہ نے اُن کے لیے مغفرت اور اجرعظیم کا وعدہ فرمایا ہے۔ (٩) اور وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ
وہی لوگ دوزخی ہیں۔ (١٠) اے ایمان والو! اللہ نے جوتم پر نعمت کی ہے
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ
اسے یاد کرو جب کہ ایک قوم نے تم پر دست درازی کا ارادہ کیا تو اس نے تم پر اُن کے
اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ ع ٢ ٦
ہاتھوں کو روک دیا اور اللہ سے ڈرو اور مومنوں کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے۔(١١)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر، پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

وَ لَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَ بَعَثْنَا مِنْهُمُ
اور تحقیق اللہ نے بنی اسرائیل سے پختہ وعدہ لیا تھا اور ہم نے اُن میں سے
اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ
بارہ سردار مقرر کیے۔ اور اللہ نے کہا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں بشرطیکہ تم نماز قائم کرتے رہو
وَ اٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَ اٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَ عَزَّرْتُمُوْهُمْ وَ اَقْرَضْتُمُ
اورزکوٰہ دیتے رہو اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤاور اُن کی عزت کرو، اور اللہ کو قرضِ حسنہ کی
اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَ لَاُدْخِلَنَّكُمْ
صورت میں قرض دو بیشک میں تم سے تمہاری بُرائیاں ختم کردوں گا اور تمہیں باغات میں داخل
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ
کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ پس جس نے تم میں سے اس کے بعد کفر کیا تو
فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ
یقیناً وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ (۱۲) اُن کے عہد توڑنے کی وجہ سے ہم
لَعَنّٰهُمْ وَ جَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ
نے اُن پر لعنت کی اور اُن کے دلوں کو سخت کر دیا کیونکہ یہ لوگ کلام الٰہی کو اس کی جگہ
مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَ نَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَ لَا تَزَالُ تَطَّلِعُ
سے بدل دیتے تھے اور اُنھوں نے نصیحتوں کا ایک حصہ بھلا دیا۔ اور چند آدمیوں کے سوا
عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ
آپ اُن کی خیانت سے مطلع ہوتے رہیں گے معاف کردیں اور اُن سے درگزر کریں۔
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى
بیشک اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (۱۳) اور جنھوں نے یہ دعویٰ کیا کہ ہم نصاریٰ ہیں
اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۖ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ
تو ہم نے اُن سے بھی عہد لیا تھا مگر اُنہوں نے بھی ایک حصے کو بھلادیا جس کی اُنہیں نصیحت کی گئی تھی ۔توہم
الْعَدَاوَةَ وَ الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ سَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ
نے اُن کے درمیان قیامت تک دشمنی اور بغض ڈال دیا اور عنقریب اللہ اُنہیں آگاہ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُریعنی آواز کوموٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● "مَدّ" ،، ۔تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ

کردے گا جووہ کیا کرتے تھے۔(۱۴) اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے رسول آگئے

رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ

ہیں جوکچھ تم اللہ کی کتاب میں سے چھپایا کرتے تھے وہ اس میں بہت سی چیزوں کوتمہارے لیے ظاہر کردیتے ہیں

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ۙ

اور بہت سی باتوں سے درگزر کرتے ہیں۔ بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اورروشن کتاب آگئی ہے۔ (۱۵)

يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَ يُخْرِجُهُمْ

جس سے اللہ تعالیٰ رضائے الٰہی اور سلامتی کا راستہ تلاش کرنے والوں کو ہدایت دیتا ہے اور اُنہیں اندھیروں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

سے نور کی طرف اپنے حکم سے لے جاتا ہے اور اُنہیں صراط مستقیم پر گامزن کر

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ

دیتا ہے۔ (۱۶) بیشک جن لوگوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم ہی اللہ ہے تو وہ کافر ہو

مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

گئے۔ اُن سے کہہ دو کہ اگر اللہ عیسٰی ابن مریم اوران کی والدہ کو اور جتنے لوگ زمین

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ

میں رہتے ہیں اُنہیں ہلاک کردے تو پھر اللہ کاکوئی کیا کرسکتا ہے۔ آسمانوں اور

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

زمین میں جو کچھ ہے اس پر اللہ کی بادشاہت ہے۔ وہ جو چاہے پیدا کرسکتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَ النَّصٰرٰى نَحْنُ

ہر چیز پرقادر ہے۔ (۱۷) اور یہود و نصاریٰ نے کہا کہ ہم اللہ کے

اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

بیٹے ہیں اور اس کے محبوب ہیں ۔ آپ کہہ دیجیے کہ پھرتمہارے گناہوں کی وجہ سے تمہیں عذاب کیوں ملتا ہے

بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ

بلکہ تم بشرہو جنہیں اللہ نے پیدا کیا ہے۔ اللہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے۔ اور آسمانوں

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا ۚ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾

اورزمین اور اُن میں جو کچھ ہے وہ اللہ ہی کا مِلک ہے اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(۱۸)

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ

اے کتاب والو! ہمارے رسول تمہارے پاس آگئے ہیں جو تم پر احکام بیان فرماتے ہیں

مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّ لَا نَذِيْرٍ ۚ

عرصہ تک رسولوں کا آنا بندرہا ہے تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری اور ڈرسنانے والا نہیں آیا ،

فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّ نَذِيْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

پس تمہارے پاس بشارت دینے اور ڈرانے والے تشریف لے آئے ہیں اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ﴿١٩﴾ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ ع ٧ ٨

قادر ہے۔ (۱۹)اور جب حضرت موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم اللہ کی نعمت کو یاد کرو جو اس نے تم

عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَ جَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖۗ وَّ اٰتٰىكُمْ

پر کی ہے ، اس نے تم سے انبیاء بنائے اور تمہیں بادشاہت دی ۔ اور تمہیں وہ کچھ

مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ

دیا جو آج ساری دنیا میں سے کسی کو نہیں دیا ۔(۲۰) اے قوم اس مقدس سر زمین میں داخل

الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَ لَا تَرْتَدُّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِكُمْ

ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے مقرر کردی ہے اور پیٹھ پیچھے واپس نہ لوٹو ورنہ

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖۗ

نقصان اُٹھا کر لوٹو گے۔(۲۱) اُنہوں نے کہا اے موسیٰ بیشک وہاں جابر قوم ہے

وَ اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا

اور بیشک ہم ہرگز وہاں داخل نہ ہوں گے جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں،

فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ

پھر اگروہ نکل جائیں تو بیشک ہم داخل ہو جائیں گے۔(۲۲) اللہ سے ڈرنے والے انعام یافتہ دو شخص بولے کہ اُن پر

عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ

دروازے کے راستے سے داخل ہو جاؤ۔ پھر جب تم دروازے سے داخل ہو جاؤ گے تو بیشک

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا

تم غالب رہو گے۔ اور اللہ پر بھروسہ کرو اگر تم مومن ہو۔(۲۳) کہنے لگے

يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

اے موسیٰ ہم تو وہاں کبھی داخل نہ ہوں گے جب تک وہ وہاں ہیں پس تم اور تمہارا رب جائے

وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ

پس تم لڑو بیشک ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔(۲۴) حضرت موسیٰ نے کہا کہ اے میرے رب مجھے

اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾

تو اپنا اور اپنے بھائی کا صرف اختیار ہے تو ہم میں اور اس فاسق قوم میں جدائی ڈال دے۔ (۲۵)

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي

اللہ نے کہا کہ یہ ارض مقدس اُن پرچالیس سال کے لیے حرام کردی گئی ہے۔ زمین میں سرگرداں

ع ٧ ٨

الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

پھریں گے۔ تو تم اس فاسق قوم پر افسوس نہ کرو۔ (۲۶) اور آپ اُن کو آدم

وقف لازم

نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

کے دو بیٹوں کا سچا حال سنا دیں۔جب دونوں نے قربانی پیش کی تو اُن دونوں میں سے ایک کی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۗ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۗ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ

قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی۔ تو وہ کہنے لگا کہ میں تجھے قتل کردوں گا۔ کہا کہ بیشک اللہ

النصف

اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٧﴾ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ

متقیوں کی قربانی قبول کرتا ہے۔ (۲۷)اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے اپنا ہاتھ مجھ پر بڑھائے گا تو میں تجھے

اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

قتل کرنے کے لیے اپنا ہاتھ نہیں بڑھاؤں گا۔ بیشک میں سارے جہانوں کے رب

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ

سے ڈرتا ہوں۔(۲۸) بیشک میں چاہتا ہوں کہ میرا اور تیرا گناہ دونوں ہی تیرے ذمے لگیں تو تُو دوزخیوں میں سے

اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ

ہو جائے ۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔ (۲۹) تو اس کے نفس نے بھائی کو

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب نہ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ

قتل کرنے پر آمادہ کردیا تو اُس نے اسے قتل کرڈالا تو وہ خسارے والا ہوگیا۔(۳۰) تو اللہ نے ایک کوا

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ

بھیجا جو اس کے سامنے زمین کریدنے لگا تاکہ اسے پتہ چل جائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کو کیسے چھپائے۔

قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ

کہنے لگا ہائے افسوس کہ میں اس کوّے جیسا بھی نہ ہوا کہ میں اپنے بھائی کی لاش کو زمین میں

سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ۛ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛۚ

چھپا دیتا ۔پس وہ ندامت کرنے والوں میں سے ہوگیا۔ (۳۱) اس وجہ سے ہم نے

معانقة ٥ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ

بنی اسرائیل پر یہ فریضہ عائد کر دیا کہ جو کوئی کسی شخص کو ناحق قتل کرے گا یا زمین میں

اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَ مَنْ اَحْيَاهَا

فساد ڈالے گا تو گویا اس نے تمام انسانیت کو قتل کر ڈالا۔ تو جس نے ایک شخص کو زندہ رکھا

فَكَاَنَّمَاۤ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَ لَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫

تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ رکھا۔ اور بیشک ہمارے رسول اُن کے پاس نشانیاں لے کر آئے۔

ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّمَا

تو پھر بھی اُن میں سے اکثر اس کے بعد بھی زمین میں حد سے گزرنے والے ہیں۔(۳۲) جو لوگ

جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں او رزمین میں فساد کرنے کے لیے

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْۤا اَوْ يُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ

پھریں تو اُنہیں قتل کردو یا سولی پر چڑھا دو یا اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف

مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا

طرف سے کاٹ دیئے جائیں یا جلا وطن کردیا جائے یہ تو دنیا میں اُن کے لیے رسوائی ہے

وَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ

اور اُن کے لیے آخرت میں عظیم عذاب ہے۔ (۳۳) مگر جن لوگوں نے تمہارے قابو میں آنے سے

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ... تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

ع ٥ ٨ ٩

اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

پہلے توبہ کرلی ، تو جان لوکہ بے شک اللہ مغفرت کرنے والا رحم والا ہے۔(۳۴) اے ایمان والو!

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ

اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح

تُفْلِحُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

پا جاؤ۔ (۳۵) بیشک جنھوں نے کفر کیاتو اگر وہ جو کچھ زمین میں ہے سب کچھ اور اس کی

وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ

مثل جو اُن کے پاس ہو دے کرقیامت کے روز عذاب سے بچنا چاہیں تو قبول نہ کیا جائے گا

مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ

اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (۳۶) وہ چاہیں گے کہ آگ سے نکل جائیں مگر وہ

وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ

اس سے نہ نکل سکیں گے، اور اُن کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے۔ (۳۷) اور (کوئی) مردیا

وَ السَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ

عورت چوری کرے تو اس کے ہاتھ کاٹ ڈالو، یہ اُن کے فعل کی سزا ہے اور اللہ کی طرف

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ

سے عبرت ہے۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۳۸)اور جو کوئی اس ظلم کے بعد توبہ کرلے اور اصلاح کرے

فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

تو بیشک اللہ اُس کی توبہ قبول کرلے گا۔ بیشک اللہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ (۳۹) کیا تمہیں معلوم نہیں کہ

اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ

بیشک آسمانوں اور زمین کی مملکت اللہ کے لیے ہے۔ جسے چاہے عذاب دے اور جسے چاہے

لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ

معاف کر دے۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (۴۰) اے رسول!

لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

جو تیزی سے کفر میں مبتلا ہونے کے لیے دوڑتے ہیں اُن کا یہ عمل آپ کو غمگین

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنّہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

م ع ٣ الوقف على الاوّل جوزه ١٢ اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ

نہ کرے جن لوگوں نے منہ سے کہا کہ ہم ایمان لائے مگر وہ دل سے ایمان نہ لائے ، اور لوگوں میں سے کچھ یہود

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۗ يُحَرِّفُوْنَ

ہیں جو خوب جھوٹ سُنتے ہیں۔ مخالف لوگوں کو بھی سنتے ہیں وہ آپ کے پاس نہیں آئیں گے۔وہ کلام کواس

الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ

کے اصل موضوع سے بدل دیتے ہیں۔ کہتے ہیں اگر یہ حکم تمہیں ملے تو اسے مان لو اور اگر تمہیں

وَ اِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۗ وَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ

یہ حکم نہ ملے تو اس سے بچو۔ اور جسے اللہ گمراہ کرناچاہے تو ہرگز آپ اسے اللہ سے

تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ

بچانے کا اختیار عمل میں نہ لائیں یہی لوگ ہیں جن کے دل اللہ پاک کرنا نہیں

قُلُوْبَهُمْ ۗ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۚۖ وَّ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

چاہتا۔ اُن کے لیے دنیا میں ذلّت ہے اور اُن کے لیے آخرت میں بہت بڑا

عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ۗ فَاِنْ جَآءُوْكَ

عذاب ہے۔ (۴۱) یہ جھوٹ سننے والے حرام کھانے والے اگر آپ کے پاس آئیں

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ

تو آپ اُن کا فیصلہ کر دیں یا ان سے اعراض کریں۔ اور اگر آپ اُن سے منہ پھیر لیں گے تو وہ آپ کو

يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ۗ وَ اِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۗ اِنَّ

کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور اگر اُن میں فیصلہ کرو تو انصاف کومدِنظر رکھو۔بیشک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَ كَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَ عِنْدَهُمُ

اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (۴۲) وہ آپ سے کیونکر فیصلہ کروائیں گے جب کہ اُن کے

التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۗ وَمَآ

پاس توریت ہے جس میں اللہ کا حکم موجود ہے ۔ اِس کے بعد بھی وہ پھر جاتے ہیں۔ اور وہ ایمان

ع ٩ / ٦ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّ نُوْرٌ ۚ

لانے والے نہیں ہیں۔ (۴۳) بیشک ہم نے توریت نازل کی جس میں ہدایت اور نور ہے۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الرَّبّٰنِيُّوْنَ

اسی کے مطابق انبیاء جو اللہ کے فرمانبردار تھے یہودیوں کو حکم دیتے رہے ہیں اور یہودیوں کے عالم

وَ الْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَ كَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ

اور مشائخ سے اللہ کی کتاب کی حفاظت کروانا مقصود تھی اور وہ اس پر گواہ تھے۔

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَ اخْشَوْنِ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا

پس لوگوں سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کے بدلے میں تھوڑی قیمت

قَلِيْلًا ؕ وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

نہ لو۔ اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق حکم نہ کرے تو وہی کافر

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَ

ہوں گے۔ (۴۴) اور ہم نے تورات میں اُن پر یہ فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور

الْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَ الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَ الْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ

آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور

السِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَ الْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ

دانت کے بدلے دانت۔ اور اسی طرح سب زخموں کا قصاص ہے پس جو کوئی بدلہ ادا کردے تو وہ

كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَ مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اس کے لیے کفارہ ہوگا اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دیں تو وہی لوگ

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

ظالم ہیں۔ (۴۵) اور ہم پہلے انبیاء کے نقش قدم کے مطابق عیسٰی ابن مریم کو

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ

لائے جنھوں نے تورات کی تصدیق کی جو پہلے سے اُن کے پاس تھی اور ہم نے انہیں انجیل دی

فِيْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ ۙ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ

جس میں ہدایت اور نور ہے اور وہ تورات کی تصدیق کرتی ہے

وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ

جو اُن کے پاس ہے اور یہ اہل تقویٰ کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔(۴۶) اور انجیل والوں

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

بِمَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فِيۡهِ ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَحۡكُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓـئِكَ

کو چاہیے کہ جو کچھ اللہ نے اِس میں نازل کیا ہے اُس کے مطابق حکم دیں اورجو اللہ کے نازل کیے ہوئے پر حکم نہ کریں تو وہی

هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ﴿۴۷﴾ وَ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ مُصَدِّقًا

لوگ فاسق ہیں۔(۴۷) اور اے محبوب! ہم نے حق کے ساتھ آپ کی طرف کتاب نازل کی ہے جو پہلی کتابوں کی

لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ مِنَ الۡكِتٰبِ وَ مُهَيۡمِنًا عَلَيۡهِ فَاحۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ

تصدیق کرتی ہے اور اُن سب پر مشتمل ہے تو اللہ نے جو نازل کیا ہے اس کے مطابق اُن میں

بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَ لَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الۡحَـقِّ ؕ

فیصلہ کرو، اور اے سننے والے! جو تمہارے پاس حق آچکا ہے اُس کو چھوڑ کر اُن

لِكُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡكُمۡ شِرۡعَةً وَّمِنۡهَاجًا ؕ وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمۡ

کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا ۔ ہم نے تم سب کے لیے شریعت مقرر کی اور اس میں راستہ تھا۔ اور اگر اللہ چاہتا تو

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰـكِنۡ لِّيَبۡلُوَكُمۡ فِىۡ مَاۤ اٰتٰٮكُمۡ فَاسۡتَبِقُوا الۡخَيۡرٰتِ ؕ

تمہیں ایک ہی اُمت بنا دیتا مگر وہ تمہیں اس بات میں آزمانا چاہتا ہے جو کچھ اُس نے تمہیں عطا کیا ہے تو تم

اِلَى اللّٰهِ مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ۙ﴿۴۸﴾

نیکیوں میں سبقت لے جاؤ۔ تم سب نے لوٹ کر اُسی طرف جاناہے جس بات میں تم اختلاف کرتے ہو۔(۴۸)

وَاَنِ احۡكُمۡ بَيۡنَهُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَهُمۡ وَ

وہ تمہیں آگاہ کردے گا۔ جو کچھ اللہ نے تم پر اُتارا ہے اُس کے مطابق حکم کرو اور اُن کی خواہشوں کی اتباع نہ کرو اور

احۡذَرۡهُمۡ اَنۡ يَّفۡتِنُوۡكَ عَنۡۢ بَعۡضِ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ اِلَيۡكَ ؕ فَاِنۡ

اُن سے بچتے رہو کہ وہ کہیں مغالطے میں نہ ڈال دیں جو کچھ آپ پر نازل ہوا ہے۔ تو وہ

تَوَلَّوۡا فَاعۡلَمۡ اَنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّصِيۡبَهُمۡ بِبَعۡضِ ذُنُوۡبِهِمۡ ؕ

اگر اِس سے پھر جائیں تو جان لو کہ اللہ اُنہیں بعض گناہوں کی سزا دینا چاہتا ہے

وَاِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوۡنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُكۡمَ الۡجَـاهِلِيَّةِ يَـبۡغُوۡنَ ؕ

اور بیشک بہت سے لوگ فاسق ہیں۔ (۴۹) کیا یہ زمانہ جاہلیت کی پیروی چاہتے ہیں

وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكۡمًا لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ﴿۵۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ ع ۷ ۱۱

اور یقین کرنے والی قوم کے لیے اللہ سے بڑھ کرکس کا حکم بہتر ہوسکتا ہے۔ (۵۰) اے ایمان

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفۡخِیۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وقف لازم / وقف منزل عند البعض / وقف غفران

اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

والو! یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے

بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي

دوست ہیں اورتم میں سے جواُن کے ساتھ دوستی رکھے گا تو بیشک وہ اُن میں سے ہوگا۔ بیشک اللہ ظالم قوم

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ

کوہدایت نہیں دیتا۔(۵۱) اب آپ دیکھیں گے کہ جن کے دلوں میں نفاق کا مرض ہے تو وہ یہود ونصاریٰ کی طرف

فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآىِٕرَةٌ ۭ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ

دوڑتے ہیں کہتے ہیں کہ ہمیں اس بات کا ڈر ہے کہ ہم پر کہیں گردش نہ آجائے۔ تو قریب ہے کہ اللہ فتح عطا فرمائے

بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰي مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

یااپنے پاس سے کوئی حکم نازل کرے پھر یہ اپنے دل میں چھپائی باتوں پر پشیمان ہوکررہ

نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا

جائیں گے۔(۵۲) اور ایمان والے کہتے ہیں کہ یہ وہی ہیں جو اللہ کی قسمیں کھاتے

بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا

تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ اُن کے اعمال ضائع ہوگئے پس وہ خسارہ اُٹھانے

خٰسِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ

والے ہوگئے۔(۵۳) اے ایمان والو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے گا

فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ

تو عنقریب اللہ ایسی قوم لے آئے گا جو اسے چاہے گی اور وہ اسے چاہے گا۔ مومنوں کے لیے نرمی اختیار

اَعِزَّةٍ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ

کریں کافروں کے لیے سخت ہوجائیں۔ جو اللہ کے راستے میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے

لَوْمَةَ لَآىِٕمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

سے نہ ڈریں۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دے دیتا ہے اور اللہ وسعت والا

عَلِيْمٌ ﴿۵۴﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

علم والا ہے۔(۵۴) بیشک تمہارے دوست اللہ اور اس کا رسول اورایمان لانے والے ہیں، جو نماز قائم کرتے ہیں

الثلثة

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ◉ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کوموٹا رکھنا ◉ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ◉ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ

اور زکوۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں۔ (۵۵) اور جو اللہ اور اس کے رسول

ع ٨ ٦ ١٢ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٥٦﴾

اور ایمان لانے والوں کو دوست بنائے گا تو بیشک وہ اللہ کے گروہ سے ہوگیا جو غالب ہے۔(۵۶)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ

اے ایمان والو! جن لوگوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا لیا ہے وہ اُن

لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ

لوگوں میں سے ہیں جنھیں پہلے کتاب دی گئی تھی اُنہیں دوست نہ بناؤ اورنہ کافروں کو دوست

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ

بناؤ اور اللہ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔(۵۷) اور جب تم نماز کے لیے اذان دیتے ہو تو

اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ

اسے ہنسی کھیل بنا لیتے ہیں۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ اس قوم میں عقل نہیں ہے۔ (۵۸) آپ کہہ دیجیے

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ

کہ اے کتاب والو! ہماری کیا بات بُری لگی یہ کہ ہم اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف نازل

اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ قُلْ هَلْ

ہوا ہے اور اس سے پہلے نازل ہوا ایمان لائے ہیں ۔ اور بیشک اکثراِن میں فاسق ہیں۔ (۵۹) آپ کہہ دیں کہ

اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ

کیا میں تمہیں خبردوں کہ جو اللہ کے ہاں بدتر ہے۔ جن پر اللہ کی لعنت ہوئی اور

غَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ

اُن پر غضب ہوا اور اُن میں سے بندر اور سُوّر بن گئے اور شیطان کی پوجا کی۔

اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٦٠﴾ وَاِذَا جَآءُوْكُمْ

اُن کا ٹھکانا بہت بُرا ہے اور یہ سیدھے راستے سے گمراہ ہوگئے ہیں۔(۶۰) اورجب وہ آپ کے پاس آتے ہیں

قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ کفر کی حالت میں آئے تھے اور اسی حالت میں چلے گئے اور جو وہ چھپاتے ہیں

غُنّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ

اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ (۶۱) اور اُن میں سے اکثر کو دیکھو گے کہ وہ گناہ اور زیادتی

وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا

اور حرام کھانے میں سرعت سے کام لیتے ہیں۔ البتہ وہ بُرے عمل کرتے ہیں۔(۶۲) اُن کے

يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ

مشائخ اور عالم اُنہیں گناہ کرنے اور حرام کھانے سے کیوں نہیں

السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ

منع کرتے۔ کاش کہ وہ یہ عمل نہ کرتے۔ (۶۳) اور یہودیوں نے کہا خرچ کرنے میں اللہ کا

مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ وقف لازم

ہاتھ بندھا ہوا ہے۔اُن کے ہاتھ بندھ جائیں اُن کے اس کہنے پر اُن پر لعنت کردی گئی ۔بلکہ خرچ کرنے میں اُس کے ہاتھ کشادہ ہیں

يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جس طرح چاہے خرچ کرتا ہے۔اے محبوب! جوتمہارے رب کی طرف سے آپ پرنازل ہوا ہے اس کی مخالفت

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

کے باعث اُن کی سرکشی اور کفر میں بہت زیادہ اضافہ ہوجائے گا اور ہم نے روز قیامت تک اُن میں عداوت اور بغض ڈال

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ

دیا۔ جب کبھی وہ لڑائی کی آگ کو بھڑکاتے ہیں تواللہ اُسے بجھا دیتا ہے۔

وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٤﴾

اور زمین میں فساد کے لیے سرگرم رہتے ہیں، اور اللہ فساد کرنے والوں پسند نہیں کرتا۔ (۶۴)

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم اُن سے بُرائیوں کودور کر

وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ

دیتے اور ہم اُنہیں نعمتوں والی جنت میں داخل کرتے۔ (۶۵) اور اگر وہ تورات

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ

اور انجیل اور جو اُن کے رب کی طرف سے اُن پر نازل ہوا اُسے قائم رکھتے تو وہ اوپر اور

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

"مَدّ" -تین الف کے برابر- پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَ كَثِيْرٌ

پاؤں کے نیچے سے فراخ ہو کررزق کھاتے۔ اُن میں ایک گروہ میانہ روہے مگر زیادہ تر

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ ع ٩ ١٠ ١٤

ایسے ہیں کہ اُن کے اعمال بُرے ہیں۔(٦٦) اے رسول! جو کچھ تم پر تمہارے رب کی طرف

مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ

سے اُترا ہے اس کی تبلیغ کردو۔ اور اگر ایسا نہ کیا تو رسالت کا فریضۂ تبلیغ ادا نہ ہوگا۔ تواللہ تمہیں لوگوں سے

مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ

بچائے رکھے گا۔ بیشک اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا ۔(٦٧) آپ فرمائیے! کہ اے

الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ

اہل کتاب! تم کچھ چیز بھی نہیں ہوجب تک کہ تم اُسے قائم نہ کرو جو تورات اورانجیل میں ہے

مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جو کہ تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ اور آپ کی طرف نازل شدہ کی بنا پر اُن میں کثیر تعداد کا

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ

کفر اور سرکشی زیادہ ہوگی۔ تو تم کافروں کی قوم پرافسوس نہ کرو۔(٦٨) بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ

جو مسلمان ہیں اور جو لوگ یہودی اور ستارہ پرست اور نصرانی ہیں

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ

اُن میں سے جو اللہ پر ایمان لائے اور یوم آخرت کو مانے اور نیک عمل کرے تو اُن پرنہ خوف ہوگا اور

لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ اَرْسَلْنَاۤ

نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ (٦٩) بیشک بنی اسرائیل سے ہم نے عہد لیا اور اُن کی طرف رسول

اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا

بھیجے۔ رسول جب کبھی کوئی ایسی بات لاتا جو اُن کے نفس کے مطابق نہ ہوتی تو وہ ایک

كَذَّبُوْا وَ فَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَ حَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا

فریق کو جھٹلاتے اور ایک گروہ کو قتل کردیتے۔(٧٠) اور اُن کا خیال ہوتا کہ آفت نہ آئے گی تو اندھے اور

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

● ‹‹مَدّ›› ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَ صَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ

بہرے ہوگئے پھر اللہ نے اُن پرتوبہ کا دروازہ کھولا، لیکن پھربھی اُن میں بہت سے اندھے اور بہرے ہوگئے۔

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧١﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اور اللہ دیکھتا ہے جو تم کرتے ہو۔(۷۱) تحقیق اُن لوگوں نے کفر کیا جنھوں نے کہاکہ

الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا

اللہ مسیح ابن مریم ہے۔ حالانکہ مسیح یہ کہتے ہیں کہ اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو

اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ

جو میرا اور تمھارا رب ہے ۔ بیشک جو اللہ کے ساتھ شرک کرے تو اللہ نے

عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾

اس پرجنت حرام کردی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ (۷۲)

وقف لازم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا مِنْ اِلٰهٍ

البتہ کفر کرنے والوں نے کہا کہ بیشک اللہ تینوں میں سے تیسرا ہے۔ اور کوئی معبود نہیں

اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَ اِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

مگر معبود ایک ہے۔ اوراگر وہ اس بات سے نہ رُکے تو اُن میں جو کافر ہوگئے ہیں اُن

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ

کے لیے دردناک عذاب ہے ۔ (۷۳)تو یہ اللہ کے حضور توبہ کیوں نہیں کرتے اور اُس سے بخشش مانگتے۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

اور اللہ بخشنے والا رحم والا ہے۔(۷۴) مسیح ابن مریم، مگرایک رسول ہیں ۔ تحقیق اُن سے پہلے بہت

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ

سے رسول ہو گزرے ہیں، اور اُن کی والدہ صدیقہ تھیں۔ دونوں کھاناکھاتے تھے۔ دیکھو ہم اُن

كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾ قُلْ

کے لیے اپنی آیتیں کس طرح بیان کرتے ہیں، پھر دیکھو وہ کیسے اُلٹے پھر رہے ہیں۔(۷۵) فرمائیے کہ

اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ

تم اللہ کے سوا کس کی عبادت کرتے ہو جو تمہارے نفع اورنقصان کا مالک نہیں۔ اور اللہ

غُنّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر سے پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ
وہ ہے جو سننے والا جاننے والا ہے۔(٧٦) آپ فرمائیے کہ اے کتاب والو!اپنے دین میں ناحق حد
غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ
سے نہ بڑھو اور اس قوم کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو جو پہلے سے گمراہ ہوچکی ہے اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کر چکے ہیں اور
اَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ع ١١/١٤
سیدھے راستے سے بھٹک چکے ہیں۔ (٧٧) جو لوگ بنی اسرائیل میں سے کافر
مِنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا
ہوئے اُن پر حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی ہے۔ یہ اِس وجہ
عَصَوْا وَّ كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٨﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ
سے ہوا کہ وہ نافرمانی کرتے اور حد سے بڑھتے تھے ۔(٧٨)جو وہ بُرے کام کرتے تھے اُن سے دوسروں کو منع نہیں کرتے تھے
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
جو وہ کرتے تھے بہت ہی بُرا تھا۔(٧٩) آپ اُن میں سے زیادہ تعداد کو دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستی رکھتے ہیں۔+
لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي
جو اُنہوں نے اپنے نفس کے لیے آگے بھیجا ہے وہ بہت ہی بُرا ہے تو اللہ اُن سے ناراض
الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَاۤ
ہوگیا اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔(٨٠) اور اگر وہ اللہ اورنبی اور جو اُن پر
اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾
نازل کیا گیا ایمان لائے ہوتے اور اُن کو دوست نہ بناتے مگر اُن میں سے کثیر تعداد فاسقوں کی ہے۔(٨١)
لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ
آپ مومنوں سے سب سے زیادہ دشمنی رکھنے والوں میں سے یہودیوں اور مشرکوں کو
وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ
پائیں گے۔ اور آپ اہل ایمان کے قریب ہمدردی میں سب سے زیادہ نصاریٰ کو پاؤ گے۔
ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّ اَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾
یہ اس لیے ہے کہ اُن میں عالم اور درویش ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ (٨٢)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، - تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الجزء ٧

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل شدہ قرآن مجید کو جب وہ سنتے ہیں تو آپ انہیں دیکھیں گے کہ اُن کی آنکھیں

مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا

آنسوؤں سے بھر جاتی ہیں اس لیے کہ اُنہوں نے حق کو پہچان لیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے ہیں تو

مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ

ہمیں گواہوں میں شمار کرلے ۔(۸۳) ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ پر اور جو حق ہمارے پاس آیا اس پر ایمان نہ لائیں۔

الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٤﴾

اور آرزو کرتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں صالحین کی قوم میں داخل کردے ۔ (۸۴)

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

تو جو اُنہوں نے کہا تھا اس کے بدلے میں اللہ نے اُنہیں جنت عطا فرمائی جس میں نہریں بہتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔اور نیکی کرنے والوں کا یہی صلہ ہے۔(۸۵)اور وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا

ع ۹ وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿٨٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو وہی لوگ جہنم میں جانے والے ہیں۔(۸۶) اے ایمان والو!

لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

تم پاکیزہ چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں اور حد سے نہ بڑھو۔ بیشک اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠

زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(۸۷) اور اللہ نے جو حلال،طیب رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ۔

وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ

اور تم اللہ سے ڈرو جس پر ایمان لاتے ہو۔(۸۸) اللہ تمہاری لغو قسموں کا

بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ

مواخذہ نہیں کرے گا، مگر اُن قسموں کا مواخذہ کرے گا جو تم نے پختہ کھا رکھی ہیں۔

فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ

قسم کا کفارہ دس مسکینوں کا درمیانے درجے کا کھانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

یا اُن مسکینوں کو کپڑے دینا ہے یا غلام آزاد کرنا ہے ۔ جو یہ نہ کرسکے تو وہ تین دن کے

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا

روزے رکھے۔ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب کہ قسم کھا لو اور اپنی قسم کی

اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾

حفاظت کرو اسی طرح تمہارے لیے اللہ اپنی آیتیں بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر کرو۔(۸۹)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ

اے ایمان والو! بیشک شراب، جوا اور بت اور پانسے سب ناپاک

رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا

شیطانی عمل ہیں پس تم اُن سے بچو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ (۹۰) بیشک

يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ

شیطان یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت

وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾

اور بغض ڈال دے اورتمہیں اللہ کے ذکر اور نماز سے روکے تو کیا تم اُن سے باز آنے والے ہو۔(۹۱)

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور احتیاط کرو۔ پھر اگر تم اس سے منہ موڑ لو

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

تو جان لو کہ ہمارے رسول پر واضح تبلیغ کرنا ہے۔ (۹۲) ایمان والوں اور نیک عمل والوں پر

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا وَ

کچھ گناہ نہیں کہ جو اُنہوں نے پہلے کھا لیا ہے جب کہ وہ اللہ سے ڈرتے

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّ اَحْسَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

تھے اور ایمان لے آئے تھے اورنیک عمل کرتے ، پھر وہ ڈرے اور ایمان لائے پھر ڈرے اور بھلائی کرے، بیشک اللہ

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ ع ۱۲ ۲

احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (۹۳) اے ایمان والو! اللہ تمہیں کسی شئے کے شکار سے آزمائے گا جس

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الصَّيْدِ تَنَالُهٗۤ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

تک تمہارے ہاتھ اورتمہارے نیزے پہنچیں تا کہ اللہ اِس کوتمہارے علم میں لے آئے جوبن دیکھے اللہ سے ڈرتا ہے۔

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٤﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پھر جو کوئی حد سے بڑھے تو اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔(۹۴) اے ایمان والو!

لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا

احرام کی حالت میں شکار نہ کرو۔ اورجو تم میں سے عمداً شکار کرے تو اُس کا

فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

بدلہ یہ ہے کہ اپنے مویشیوں میں سے ویسا جانور دے دے تم میں سے دو عادل آدمی اس کا

هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا

حکم کریں۔ یہ قربانی کعبہ پہنچنے والی ہو یا کفارے میں مسکینوں کوکھانا کھلائے یا اس کے برابر روزے رکھے

لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ

تا کہ اپنے کام کا وبال برداشت کرے ۔ اللہ نے معاف کردیا ہے جوگزر چکا ہے ۔ اور جو پھرگیاتو اللہ اُس سے انتقام

اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٩٥﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

لے گا اوراللہ غالب ہے بدلہ لینے والا ہے۔(۹۵) دریا کا شکار اور اُسے کھاناتمہارے لیے حلال کردیا گیا ہے

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ

اس میں تمہارا اور مسافروں کا فائدہ ہے۔ اور جب تک تم حالت احرام میں ہو تو تم پر خشکی کا شکار حرام

حُرُمًا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٩٦﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ

ہے۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔(۹۶) اللہ نے کعبہ کو لوگوں کے قیام

الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَاۗئِدَ ۭ

کے لیے عزت والا گھرقرار دیا ہے اورعزت کے مہینوں اور قربانی اور پٹہ ڈالے ہوئے جانوروں کو بھی قابل عزت قرار دیا ہے۔

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ

یہ اس لیے کہ تم کو معلوم ہوجائے کہ بیشک اللہ جانتا ہے جوکچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور بیشک

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٩٧﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ

اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔ (۹۷) جان لو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے اور بیشک

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُریعنی آواز کوموٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کوخیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کوایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

● مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ

اللہ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔(۹۸)رسول کا فریضہ تبلیغ کرنا ہے۔ جوتم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو

وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

اللہ اسے جانتا ہے۔ (۹۹)آپ فرمادیجئے کہ ناپاک اور پاک برابر نہیں خواہ ناپاک کی کثرت تمہیں اچھی لگے۔

الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ يٰۤاَيُّهَا ع ۱۳ ۷ ۴

پس اللہ سے ڈرو اے عقل والو! تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ (۱۰۰) اے ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ

والو! ایسی باتوں کے بارے میں سوال نہ کرو اگر وہ تم پر ظاہر ہوجائیں تو تمہیں بری لگیں۔ اوراگر

تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ

اس وقت پوچھو گے جبکہ قرآن کا نزول ہورہا ہے تووہ ظاہرہوجائیں گی۔ اللہ نے اُن سے درگزرفرمایا ہے اور اللہ بخشنے

غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا

والا حلم والا ہے۔(۱۰۱)تم سے پہلے ایک قوم نے ایسے سوال کیے تھے (پھر جب اُن پر باتیں ظاہر کردیں)تو وہ اُن

كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّ

سے ا نکار کر گئے۔(۱۰۲) اللہ نے نہ بحیرہ اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اورنہ حام مقرر کیاہے۔

لَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ

لیکن جنھوں نے کفر کیا ہے وہ اللہ پرجھوٹی افترا ءباندھتے ہیں، اور اُن میں اکثر عقل والے

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

نہیں ہیں۔ (۱۰۳) اورجب اُنھیں یہ کہا جاتا ہے کہ جو اللہ نے نازل کیاہے اُس کی طرف آؤ اور اس کے رسول کی طرف

قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

آؤ تو وہ کہتے ہیں کہ جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہمارے لیے وہی کافی ہے۔ اگرچہ اُن کے باپ دادا نہ کچھ

شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ

جانتے ہوں اورنہ ہدایت یافتہ ہوں۔ (۱۰۴) اے ایمان والو! اپنی ذات کی فکر کرو، جب تم ہدایت پرہوگے

مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ

تو کوئی بھی تمہیں گمراہ نہیں کرسکے گا۔ تم سب نے اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے جو تم کرتے تھے اس

غُنَّة: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم : حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● "مدّ" ،، تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ

سے تمہیں باخبر کردے گا۔(۱۰۵) اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے تو وصیت

اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ

کے وقت تمہاری آپس کی گواہی اس طرح ہو کہ تم میں سے دوعادل مرد ہوں یا دوسرے دو غیروں میں سے ہوں

مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ

اگر تم زمین میں سفر کر رہے ہو اور تم پر موت کی مصیبت کا وقت آجائے۔

الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ

اگر اُن دونوں گواہوں پر شک ہو تو اُن کو نماز کے بعد روک لو۔تو وہ اللہ کی قسمیں کھائیں کہ ہم اس

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ

کے عوض میں کوئی مال نہ لیں گے اگرچہ قریبی رشتہ دار ہوں۔اور ہم اللہ کی گواہی کو نہ چھپائیں گے

اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا

اگرہم ایسا کریں گے تو ہم گنہگار ہوں گے۔ (۱۰۶) پھر اگر پتہ چل جائے کہ وہ دونوں گواہ گناہ کے مرتکب

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ

ہوئے ہیں تو دوسرے دو گواہ اُن کی جگہ پر کھڑے ہو جائیں اُن لوگوں میں سے جن کا حق پہلے گواہوں نے

فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَاۤ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَاۤ ۖز

ضائع کیا تو وہ اللہ کی قسمیں کھائیں کہ اُن کی گواہی سے ہماری گواہی درست ہے اور ہم نے

اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٧﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى

حد سے تجاوز نہیں کیا بیشک اگر ہم ایسا کریں تو ہم ظالم ہوں گے۔ (۱۰۷) یہ طریقہ اس بات کے زیادہ قریب ہے کہ گواہ اپنی گواہی دیں

وَجْهِهَاۤ اَوْ يَخَافُوْۤا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

(جیسا کہ گواہی دینے کا حق ہے)یا ڈریں کہ اُن کی قسموں کے بعد دوسری قسموں سے اُن کی گواہی رد نہ ہوجائے اور اللہ سے ڈرو

وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٨﴾ع يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ ع ۱۴ ۸

اور سنو۔ کہ اللہ فاسق قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(۱۰۸) جس روز اللہ تمام رسولوں کو

الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَاۤ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

جمع کرکے کہے گا کہ تمہیں کیا جواب مِلا تو وہ کہیں گے ہمیں کچھ علم نہیں۔ بیشک توسب

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَ

غیبوں کو جاننا ہے۔ (۱۰۹) جب اللہ کہے گا کہ اے عیسٰی ابن مریم میری نعمت کو یاد کروجومیں نے تجھے اور تیری

عَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۙ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي وقف لازم

ماں کو دی۔ جب میں نے روح القدس سے تیری تائید کی۔ تو گھوارے میں بھی لوگوں سے

الْمَهْدِ وَ كَهْلًا ۚ وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ التَّوْرٰىةَ

باتیں کرتا تھا۔ اورجب میں نے تجھے کتاب، حکمت اور تورات اور انجیل

وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ

کی تعلیم دی اور جب تو مٹی سے میرے حکم سے پرندے کی شکل بناتا پھر اس میں میرے حکم

فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَ تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ

سے پھونک مارتا تو وہ میرے حکم سے پرندہ بن جاتا اور تو مادرزاد اندھے اورکوڑھی کو میرے حکم سے شفا دیتا،

وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ

تو جب میرے حکم سے مُردوں کو زندہ کرتا۔ اورجب تو بنی اسرائیل کے پاس روشن نشانیاں لے کر آیا جب

جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

کہ میں نے تجھے روکا تھا تو اُن میں سے کافروں نے کہا کہ یہ کھلا

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَ اِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَ

جادو ہے۔ (۱۱۰) اور جب میں نے حواریوں کے دل میں ڈالا یہ کہ مجھ پر اور میرے

بِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ

رسول پر ایمان لاؤ، تو انہوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے اور گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔(۱۱۱) جب

الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ

حواریوں نے کہا کہ اے عیسٰی ابن مریم کیا آپ کا رب ایسا کرے گا کہ آسمان سے ہمارے لیے

عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۭ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

کھانے کا ایک خوان اُتارے ۔ حضرت عیسٰی نے کہا کہ اللہ سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔ (۱۱۲)

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ

حواری بولے کہ ہم چاہتے ہیں کہ اُس سے کھائیں اورہمارے دلوں کو اطمینان ہو جائے اورہم

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● مَدّ ۔۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الربع

صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿١١٣﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

جان لیں کہ آپ نے سچ کہا تھا اور ہم اس پر گواہ ہو جائیں۔(۱۱۳) حضرت عیسیٰ ابن مریم نے کہا کہ اے اللہ !

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

ہم پرآسمان سے کھانے کا ایک خوان نازل فرما جو ہمارے لیے اورہم سے پہلے اور بعد میں آنے والوں کے لیے خوشی کا

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿١١٤﴾

موقع بن جائے جو تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق دے اورتوسب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔(۱۱۴)

قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ

اللہ نے کہا کہ میں اِسے تم پر اُتارنے والا ہوں مگر اس کے بعد جوتم میں سے کفر کرے گا تو بیشک میں اُسے عذاب دوں گا

ع ١٥ ٧ ٥

عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١١٥﴾ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ

کہ جو دنیا والوں میں سے کسی کو نہ ملا ہوگا۔ (۱۱۵) اور جب اللہ کہے گا اے عیسیٰ ابن

مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ

مریم کیا تو نے کہا تھا کہ اے لوگو! اللہ کے سوا مجھے اور میری ماں کو دو خدا بنا لو تو

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ

جواب میں حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کہیں گے کہ تو پاک ہے میں نہ تھا کہ یہ بات کہتا جسے کہنا میرے لیے حق نہ تھا۔ اگر میں نے

قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ

ایسی بات کہی ہوتی تو اس کا تجھے علم ہوتا۔ جو میرے دل میں ہے تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہے۔

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿١١٦﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ

بیشک تو غیبوں کو جاننے والا ہے۔(۱۱۶) میں نے تو اُنہیں وہی کہا تھا جس کا تو نے مجھے حکم

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ

دیا تھا کہ اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے ۔ جب تک میں اُن میں رہا اُن پر گواہ تھا۔

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ

پھر جب تو نے مجھے اُٹھا لیا تو تُو ہی اُن کا نگران تھا۔ اور تو ہر چیز پر

شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿١١٧﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ

شاہد ہے۔(۱۱۷) اگر تو اُنہیں عذاب دے تو وہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر تو اُنہیں معاف کر دے

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ ، ~ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ

تو بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔(۱۱۸) اللہ فرمائے گا کہ یہ وہ دن ہے جب کہ صدیقین کو اُن کا سچ نفع دے گا۔

صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ

اُن کے لیے ایسے باغ ہیں جن میں نہریں بہتی ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ

اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اُس سے راضی ہوئے۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔(۱۱۹) آسمانوں

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۶/۵/۲

خوشخبری دینے والی ہوائیں بھیجتا ہے۔یہاں تک کہ وہ ہوائیں بھاری بادل اُٹھا لاتی ہیں تاکہ وہ مُردہ

لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ

زمین کو بادل سے سیراب کرے۔پس ہم نے اُن بادلوں سے پانی اُتارا تو اس سے ہر قسم کے پھل پیدا کیے۔

كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ

پس اسی طرح ہم مُردوں کو بھی نکالیں گے تاکہ تم اس سے نصیحت حاصل کرو۔(۵۷) اورجو زمین اچھی ہوتی ہے تو وہ اپنے رب

نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ

کے حکم سے خوب پیداوار کرتی ہے اور جو زمین خراب ہوتی ہے اس سے ناقص پیداوار ہوتی ہے۔ اِسی طرح ہم

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ ع ۵ ۱۴

شکر کرنے والی قوم کے لیے اپنی آیتوں کو کھول کر بیان کرتے ہیں۔(۵۸) بیشک ہم نے حضرت نوح (علیہ السلام) کو اپنی قوم کی طرف بھیجا

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ

تو اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں۔ بیشک میں تم کو

عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ

بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔(۵۹) تو اس قوم کے سرداروں نے کہا کہ بیشک ہم تمہیں

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ

کھلی گمراہی میں دیکھ رہے ہیں۔ (۶۰) تو حضرت نوح ؑ نے کہا کہ اے میری قوم! مجھ میں گمراہی نہیں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● مَدّ ،، - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦١﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ اَنْصَحُ لَكُمْ وَ

مگر میں رب العالمین کا رسول ہوں۔(٦١) تمہیں اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری بھلائی چاہتا ہوں اور

اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ

میں اللہ کی طرف سے وہ علم رکھتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔(٦٢) کیا تمہیں یہ عجب لگا ہے کہ تم میں سے ایک شخص کے ذریعے

رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾

تمہارے رب کی طرف سےتمہارے پاس نصیحت آئی ہے تاکہ تمہیں ڈرائے اور تم ڈرو اور تم پر رحم کیا جائے۔(٦٣)

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَ اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ

تو اُنہوں نے اُسے جھٹلایا، تو ہم نے اُنہیں اور ان کے ساتھ والوں کو بذریعہ کشتی نجات دی اور جنھوں نے ہماری

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ ع ٨ ٦ ١٥

آیتوں کو جھٹلایا تھا ہم نے اُنہیں غرق کردیا، بیشک وہ اندھوں کی قوم تھی۔(٦٤) اور قوم عاد کی طرف اُن کے بھائی

هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

حضرت ہود کو بھیجا۔ اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے سواتمہارا کوئی معبود نہیں۔

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ

کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔(٦٥) اُن کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا بیشک ہماری نظروں میں تم نادان ہو،

فِيْ سَفَاهَةٍ وَّ اِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ

اور بیشک ہمیں گمان ہے کہ تم جھوٹوں میں سے ہو۔(٦٦) حضرت ہود نے کہا اے میری قوم مجھ میں

بِيْ سَفَاهَةٌ وَّ لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ

نادانی نہیں بلکہ میں تو رب العالمین کی طرف سے رسول ہوں۔(٦٧) میں تمہیں اپنے رب کے

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَ عَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ

پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا بااعتماد خیر خواہ ہوں۔(٦٨) کیا تمہیں یہ عجب لگا ہے کہ تم میں سے ایک مرد

ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَ اذْكُرُوْۤا

تمہارے رب کی طرف سے نصیحت لے کر آیا ہے تاکہ تمہیں ڈرائے۔ اور یاد کرو جب

اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ زَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ

اس نے تمہیں قوم نوح کے بعد اُن کا جانشین بنایا اور تمہیں جسامت میں فربہ کیا۔

بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا

پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔ (۶۹) وہ کہنے لگے

اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَ نَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ

کہ تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہوکہ ہم ایک اللہ کی عبادت کرنے لگیں اور جن کی عبادت ہمارے آباؤ اجداد

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ

کیا کرتے تھے اسے چھوڑ دیں۔ پس ہمارے پاس وہ عذاب لاؤ جس کا وعدہ کرتے ہو اگر تم سچے ہو۔ (۷۰) حضرت ھود نے کہا کہ تمہارے رب کی

عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّ غَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ

طرف سے یقیناً عذاب اور غضب کا آنا مقرر ہوچکا ہے۔ کیا تم مجھ سے اُن ناموں کے بارے میں

سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ

جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے آباؤاجداد نے رکھ لیے ہیں اللہ نے اِس کے متعلق کوئی دلیل نہیں اُتاری۔

فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٧١﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ

پس انتظار کرو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔ (۷۱) پس ہم نے حضرت ھود اور ان کے ساتھیوں

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا

کو اپنی رحمت کے ساتھ اِن میں سے نجات دی اور جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کی جڑ کاٹ دی اور وہ

مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٢﴾ ع وَ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ ع ٨ ١٦ وقف لازم

ایمان لانے والے نہ تھے۔ (۷۲) اور قوم ثمود کی طرف اُن کے بھائی حضرت صالح کو بھیجا۔ اُنہوں نے کہا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو۔

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ

اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔ تمہارے رب کی طرف سے معجزہ آگیا ہے۔ یہ اللہ کی

نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

اونٹنی ہے جو تمہارے لیے نشانی ہے تو اسے اللہ کی زمین پر چھوڑ دو تاکہ یہ کھاتی پھرے اور اسے تکلیف دینے کے لیے نہ چھوؤ

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ

ورنہ دردناک عذاب تمہیں پکڑلے گا۔ (۷۳) اور یاد کرو اللہ نے تمہیں قوم عاد کے بعد اُن کا

مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّ بَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا

جانشین بنایا اور تمہیں زمین میں آباد کیا نرم زمین کی مٹی سے تم محل تعمیر کرلیتے ہو

غُنّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

قُصُوْرًا وَّ تَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا

اور پہاڑوں کو تراش کر اپنے گھر بناتے ہو۔ پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں

فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ

فسادی بن کر نہ رہو۔ (۷۴) تو اس قوم کے متکبر سرداروں نے غریب لوگوں کو

قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ

جو ایمان لے آئے تھے کہا کیا تمہیں معلوم ہوگیا ہے کہ صالح اللہ کی

اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾

طرف سے رسول ہیں۔ تو اُنہوں نے کہا کہ وہ جوکچھ لے کر آئے ہیں ہم اس پر ایمان لاتے ہیں۔(۷۵)

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِيْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾

تکبر کرنے والوں نے کہا کہ جس پر تم ایمان لائے ہو ہم اس کا انکار کرتے ہیں۔ (۷۶)

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَ عَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَ قَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا

پھر اُنہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں اور اپنے رب کے حکم کی سرکشی کی اور کہنے لگے اے صالح ہم پر

بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

وہ عذاب لے آؤ جس کا تم وعدہ دیتے ہواگر تم رسولوں میں سے ہو۔(۷۷) تو اُنہیں زلزلے کے عذاب نے پکڑ لیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰقَوْمِ

پس وہ صبح کو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔(۷۸) تو حضرت صالح (علیہ السلام) نے ان سے منہ پھیر لیا

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ

اورکہا کہ اے قوم بیشک میں نے اپنے رب کا پیغام تمہیں پہنچادیا اور تمہیں نصیحت کردی مگر تم نصیحت کرنے والوں کو

النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ

پسند نہیں کرتے۔ (۷۹) اور حضرت لوطؑ نے جب اپنی قوم سے کہا کیا تم اس طرح کی فحاشی کرتے ہوجوتم سے پہلے

بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً

دنیا میں کسی نے نہیں کی۔ (۸۰) بیشک تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس نفسانی

مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ

شہوت کے ساتھ آتے ہو بلکہ تم حد سے نکل جانے والی قوم ہو۔ (۸۱) اور اُس قوم کا اس کے سوا

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

اور کوئی جواب نہ تھا مگر وہ کہنے لگے کہ اُنہیں بستی سے نکال دو۔ بیشک یہ لوگ تو بڑے پاکباز بنتے ہیں۔(۸۲)

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٨٣﴾

توہم نے اُنہیں اور ان کے اہل وعیال کو سوائے اس کی بیوی کے نجات دے دی مگر ان کی بیوی پیچھے رہنے والوں میں سے تھی ۔(۸۳)

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ ع ١٢ / ١٧

اور ہم نے اُن پر پتھروں کی بارش برسائی۔پس آپ دیکھیں کہ مجرموں کا کیا انجام ہوا۔(۸۴)

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اور مدین کی طرف اُن کے بھائی حضرت شعیب کو بھیجا۔ اُنہوں نے کہا اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اُس کے سوا

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ قَدْ جَاۗءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ

تمہارا کوئی معبود نہیں ہے بیشک تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس روشن دلیل آگئی ہے

وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

اپنا ماپ تول درست رکھو اور لوگوں کو گھٹا کر چیزیں نہ دو اور اصلاح کے بعد زمین میں

بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَ

فساد نہ ڈالو۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے بشرطیکہ تم واقعی مومنوں میں سے ہو۔(۸۵) اور

لَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

ہر راستے پر اس لیے نہ بیٹھا کروکہ اللہ پر ایمان لانے والوں کو ڈراؤ اور اُنہیں اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا

روکو اور ان میں نقص تلاش کرو۔ اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تو

فَكَثَّرَكُمْ ۠ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاِنْ

اللہ نے تمہیں زیادہ کردیا اور دیکھو کہ فساد کرنے والوں کا کیا انجام ہوا۔(۸۶) اور اللہ کے رسول

كَانَ طَاۗىِٕفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَاۗىِٕفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

شعیب(علیہ السلام) نے کہا اگر تم میں سے ایک گروہ اس پر ایمان لایا جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں اور ایک گرو ایمان نہیں لایا،

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

پس صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کردے اور وہ سب حاکموں سے بہتر ہے۔ (۸۷)

الجزء ٩

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

اُس قوم کے متکبر سرداروں نے کہا کہ اے شعیبؑ ہم تجھے اور تیرے ساتھ ایمان

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ

لانے والوں کو اپنی بستی سے نکال دیں گے یا تم ہماری ملت میں واپس آ جاؤ۔ اُنہوں نے

اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿٨٨﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ

کہا کہ خواہ ہم تم سے بیزار کیوں نہ ہوں۔(٨٨) اس کے بعد کہ اللہ ہمیں نجات دے چکا ہے ہم تمہارے دین

مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ

میں واپس آ جائیں تو گویا ہم اللہ پر جھوٹ باندھیں گے۔ یہ کسی طرح بھی ممکن نہیں یہ کہ ہم لوٹ آئیں

فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ

سوائے اس کے کہ اللہ چاہے جو ہمارا پروردگار ہے۔ ہمارے رب کا علم ہر چیز پر حاوی ہے۔

عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَ

ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔ اے ہمارے رب ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے

اَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿٨٩﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ

ساتھ فیصلہ کردے اور تو سب سے بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔ (٨٩) اور اس قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ اگر تم نے

اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٩٠﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

شعیبؑ کی اتباع قبول کرلی تو بیشک تم خسارے میں چلے جاؤ گے۔(٩٠) تو اُنہیں زلزلے نے پکڑ لیا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٩١﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ

تو صبح اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے تھے۔ (٩١) حضرت شعیب(علیہ السلام) کو جھٹلانے والے گویا

مع لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٢﴾

اُن گھروں میں کبھی آباد ہی نہ تھے جنھوں نے حضرت شعیبؑ کو جھٹلایا پس وہی خسارے والے ہوگئے۔ (٩٢)

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ نَصَحْتُ

تو حضرت شعیبؑ نے اُن سے منہ موڑ لیا اور کہا اے میری قوم میں نےتمہارے رب کے پیغامات تمہیں پہنچا دیے

ع ٩/١١ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٩٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ

جوتمہارے لیے نصیحت ہے تو پھر میں اس کافروں کی قوم پرافسوس کیوں کرکروں ۔(٩٣) اور ہم نے جس بستی میں کسی نبی

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا — قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

کو بھیجا مگر یہ کہ ہم نے اُس بستی کے لوگوں کو تنگی اور سختی میں مبتلا کردیا تاکہ وہ گریہ

يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّ قَالُوْا

زاری کریں۔ (۹۴) پھر ہم نے برائی کو اچھائی سے بدل دیا حتیٰ کہ اُنہوں نے معافی مانگ لی اور بولے

قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَ السَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّ هُمْ

کہ بیشک ہمارے آباؤاجداد کو رنج وراحت پہنچا تو ہم نے اُنہیں اچانک پکڑ لیا اور وہ شعور سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ

کام نہ لیتے تھے ۔(۹۵) اور اگر یہ بستیوں والے ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم اِن پر آسمانوں اور زمین سے

بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا

برکتوں کے دروازے کھول دیتے مگر اُنہوں نے جھٹلایا تھا تو ہم نے اُن کے کیے پر

يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّ هُمْ

پکڑلیا۔(۹۶) کیا بستیوں والے بے خوف ہوگئے ہیں یہ کہ اُن پر ہمارا عذاب رات کو نہ آجائے جب کہ

نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ط اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّ هُمْ

وہ سوتے ہوں۔ (۹۷) کیا بستیوں والے اس بات سے نہیں ڈرتے یہ کہ اُن پر ہمارا عذاب دن چڑھے آ جائے جبکہ

يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ

وہ کھیل رہے ہوں۔ (۹۸) کیا وہ اللہ کی تدبیر سے بے خبر ہیں۔ تو اللہ کی تدبیر سے وہی لوگ بے خبر ہوتے ہیں جو تباہ ہونے

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ع اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ ع ١٢ ٢

والے ہوتے ہیں۔(۹۹) کیا اُن لوگوں کو ہدایت نہ ملی جوزمین کے مالکوں کے بعد وارث ہوئے اگر ہم

اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

چاہیں تو اُن کے گناہوں کے باعث اُن پر مصیبت ڈال دیں۔ اور ہم نے ان کے دلوں پر مہر لگا

فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآئِهَا ۚ

دی تاکہ وہ کچھ سُن نہ سکیں۔(۱۰۰) یہ بستیاں ہیں جن کے واقعات ہم آپ پر بیان کرتے ہیں

وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا

اور بیشک ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے۔ مگروہ ایسے نہ تھے کہ جسے وہ پہلے جھٹلا

● غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠١﴾ وَمَا وَجَدْنَا

چکے تھے اس پر ایمان لے آتے۔ اِسی طرح اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے۔(۱۰۱) اورہم نے ان میں سے

لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَاۤ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ

اکثر کو وعدہ پورا کرنے والا نہ پایا۔ اور یقیناً ہم نے اُن کی اکثریت کو فاسق پایا۔ (۱۰۲) پھر

بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا

اس کے بعد ہم نے حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف مبعوث فرمایا تو اُنہوں نے

بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ

اُن پر زیادتی کی۔ پس دیکھو اُن فسادیوں کا انجام کیسا ہوا۔(۱۰۳) اورحضرت موسیٰ(علیہ السلام) نے کہا اے فرعون

اِنِّىْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ حَقِيْقٌ عَلٰۤى اَنْ لَّاۤ اَقُوْلَ عَلَى

بیشک میں رب العالمین کی طرف سے رسول ہوں۔ (۱۰۴) یہ حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں جوکچھ کہتا ہوں

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِىَ

حق کہتا ہوں۔ بیشک میں تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں لے کر آیا ہوں پس بنی اسرائیل کو

بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٠٥﴾ قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَاۤ اِنْ

میرے ساتھ بھیج دے۔(۱۰۵) تو اس نے کہا کہ اگر تم نشانیاں لے کر آئے ہو تو اُسے ہمارے سامنے لاؤ اگر تم

كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٠٦﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٠٧﴾

سچے ہو۔(۱۰۶) تو حضرت موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ فوراً واضح اژدھا بن گیا۔ (۱۰۷)

ع ١٣ ٩ ٣ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ

اور جب اپنا ہاتھ باہر نکالا تو وہ دیکھنے والوں کے سامنے سفید چمکدار تھا۔(۱۰۸) قوم فرعون کے سرداروں نے کہا

فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٩﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

کہ یہ جادو جاننے والا ہے۔(۱۰۹) تمہیں تمہاری زمین سے نکالنا چاہتا ہے۔

اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿١١٠﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِى

اب تم کیا کہتے ہو۔(۱۱۰)وہ بولے کہ اے فرعون اِنہیں اور ان کے بھائی کو یہاں ٹھہراؤ

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿١١١﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿١١٢﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ

اور شہروں میں اعلان کرنے والے بھیجو۔(۱۱۱) تاکہ وہ تمہارے پاس ماہر جادوگر لے آئیں۔(۱۱۲) اور جب جادوگر

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" - تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٣﴾ قَالَ نَعَمْ

فرعون کے پاس آئے تو کہنے لگے کہ اگر ہم موسیٰ پر غالب آگئے تو ہمیں کیا انعام ملے گا۔(۱۱۳) تو فرعون نے کہا ہاں

وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿١١٤﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ

اور تم میرے خاص مقربین سے ہوجاؤ گے۔(۱۱۴) جادوگروں نے کہا اے موسیٰ کیا آپ پہلے ڈالیں

اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿١١٥﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ

گے یاہم پہلے ڈالنے والے ہوں۔(۱۱۵) تو حضرت موسیٰ نے کہا کہ تم ڈالو۔ پس جب اُنہوں نے ڈالا تو لوگوں کی آنکھوں

النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿١١٦﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى

پر جادو کردیا اور اُنہیں ڈرایا اور اُنہوں نے بہت بڑا جادو دکھایا۔(۱۱۶) اور ہم نے حضرت موسیٰ کی طرف

مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿١١٧﴾ فَوَقَعَ

وحی کی کہ اپنے عصا کو ڈال دے۔ توجوکچھ اُنہوں نے جادو کیا تھا اسے نگلنے لگا۔(۱۱۷) حق ثابت

الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٨﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا

ہوگیا اور جو اُنہوں نے کیا تھا باطل ہوگیا۔(۱۱۸) تو اِس طرح وہ مغلوب ہو کر رہ گئے اور ذلیل

صٰغِرِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿١٢٠﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٢١﴾

ہوکرواپس لوٹے۔(۱۱۹) اور وہ جادوگر سجدے میں گر گئے۔ (۱۲۰) کہنے لگے ہم جہانوں کے رب پرایمان لائے ۔ (۱۲۱)

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ

جو حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کا رب ہے۔(۱۲۲) فرعون نے کہا تم تو میری اجازت سے قبل ہی اِس پر ایمان

اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ

لے آئے بیشک یہ ایک فریب ہے جو تم نے مل کر اس شہر میں کیا ہے تاکہ یہاں کے رہنے والوں

اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿١٢٣﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

کو نکال دو تو عنقریب تمہیں پتہ چل جائے گا۔ (۱۲۳) میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں کو مخالف سمتوں

مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٢٤﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا

سے کٹوا دوں گا پھر سب کو سُولی پر لٹکا دوں گا۔(۱۲۴) وہ بولے بیشک ہم اپنے رب کی طرف

مُنْقَلِبُوْنَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ

لوٹنے والے ہیں۔(۱۲۵) اورتو جو ہم سے انتقام لینا چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پرایمان لے آئے جب وہ ہمارے پاس آئیں۔

١٤ ع ١٨ رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿١٢٦﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ

اے ہمارے رب !ہمارے صبر میں اضافہ کردے اور ہمیں اس حال میں موت دے کہ ہم مسلمان ہوں۔(١٢٦) اور قوم فرعون

قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَ قَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ

کے سردار بولے کہ کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑے رکھے گا تاکہ وہ زمین میں فساد پھیلائیں

وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْىٖ نِسَآءَهُمْ ۚ

اورموسیٰ تجھے اور تیرے معبودوں کوچھوڑے رہیں۔فرعون بولا کہ اب ہم اُن کے بیٹوں کوقتل کریں گے اور ان کی لڑکیوں کو زندہ رکھیں گے

وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَ

اور بیشک ہم اُن پر زبردست ہیں۔(١٢٧) حضرت موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ سے مدد طلب کرو اور

اصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ۫ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَ

صبر کرو۔ بیشک زمین اللہ کی ہے۔ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کو وارث بنا دیتا ہے۔ اور

الْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٨﴾ قَالُوْۤا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ

عاقبت اہل تقویٰ کے لیے ہے۔(١٢٨) قوم موسیٰ نے کہا کہ ہمیں تو آپ کے آنے سے پہلے بھی اور آپ کے آنے کے

بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ

بعد بھی بہت اذیت دی گئی ہے۔ آپ نے فرمایا عنقریب تمہارا رب تمہارے دشمنوں کو ہلاک کردے گا

١٥ ع ٣ ٥ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٩﴾ وَ لَقَدْ

اور اُن کی جگہ پر تمہیں زمین کا مالک بنا دے گا پھر دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔(١٢٩) اور البتہ

اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَ نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ

ہم نے آل فرعون کو قحط سالی اور پھلوں کی پیداوار کی کمی سے پکڑ لیا تاکہ وہ نصیحت قبول

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ

کرلیں۔(١٣٠) جب اُن پر اچھا وقت آتا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ ہمارے لیے ہے۔ اورجب ان پر

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَ مَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ

تکلیف کا وقت آتا ہے تو حضرت موسیٰ اور ان کے ساتھیوں کی طرف منسوب کردیتے ہیں۔خبردار بیشک اُن کی بدقسمتی اللہ کی

عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا

طرف سے ہے لیکن اکثر ان میں سے علم نہیں رکھتے۔ (١٣١) اور کہنے لگے کہ تم کیسی ہی نشانی ہم پر لے آؤ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾

جس سے ہم پر جادو ہوجائے۔ تو پھر بھی ہم ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ (۱۳۲)

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَ الْجَرَادَ وَ الْقُمَّلَ وَ الضَّفَادِعَ

تو ہم نے اُن پر طوفان بھیجا اور ٹڈی دل آیا اور جوئیں آئیں اور مینڈک آگئے

وَ الدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۫ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

اور خون آ گیا یہ سب واضح نشانیاں تھیں۔ پھر بھی اُنہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرموں کی قوم سے تھے۔(۱۳۳)

وَ لَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا

اور جب اُن پر کوئی عذاب آتا تھا تو کہتے کہ اے موسیٰ عہد کے باعث جو اللہ نے کررکھا ہے

عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَ لَنُرْسِلَنَّ

ہمارے لیے اپنے رب کے حضور دُعا کرنا کہ وہ ہم سے عذاب دُور کردے، پھر ہم ضرور تم پر ایمان لے آئیں گے اور آپ کے ساتھ

مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۴﴾ ج فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى

بنی اسرائیل کو روانہ کردیں گے۔ (۱۳۴) پھر جب ہم نے عذاب کو ایک مقررہ مدت

اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

کے لیے اُٹھالیا جس کو وہ پہنچنے والے تھے تو وہ اس سے پھر گئے۔(۱۳۵) تو ہم نے اُن سے بدلہ لیا اور اُنہیں سمندر میں

فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ كَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

غرق کردیا کیونکہ اُنہوں نے ہماری نشانیوں کوجھٹلایا تھا اور وہ غفلت کرتے تھے۔(۱۳۶)

وَ اَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

اور ہم نے ایک ناتواں قوم کوزمین کے شرق و غرب کا وارث بنا دیا جس میں

وَ مَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَ تَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى

ہم نے برکت رکھ دی تھی۔ اور تمہارے رب کا بنی اسرائیل پر حسنِ عمل پورا ہوگیا۔

عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَ دَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ

کیونکہ اُنہوں نے صبر کیا تھا۔ فرعون اور اس کی قوم نے جو بنایا تھا

فِرْعَوْنُ وَ قَوْمُهٗ وَ مَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَ جٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ع

ہم نے اسے برباد کردیا اور ان کے بلند محل بھی بربادکردیے۔ (۱۳۷) اورہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتارا

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مد ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓى اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا

تو وہ ایسی قوم کے پاس سے گزرے کہ جو اپنے بتوں کے سامنے بیٹھی ہوئی تھی۔ بنی اسرائیل نے کہا

يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰـهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِـهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

کہ اے موسیٰ ہمارے لیے بھی ایک معبود بنا دو جیسا کہ اِن کا معبود ہے۔ تو حضرت موسیٰ نے کہا کہ بیشک تم جاہل

تَجْهَلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٩﴾

قوم ہو۔(۱۳۸) یہ لوگ جس طریقے میں لگے ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور جو کچھ وہ کررہے ہیں وہ سب باطل ہے۔ (۱۳۹)

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰـهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٠﴾

حضرت موسیٰ نے کہا کہ کیا اللہ کے سوا تمہارے لیے کوئی اور معبود تلاش کروں حالانکہ اُس نے تمہیں تمام دنیا میں فضیلت دی ہے۔(۱۴۰)

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ

اور یاد کرو جب ہم نے تمہیں آل فرعون سے نجات دی جو تمہیں بڑی تکلیف دیتے تھے۔

يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ

جو تمہارے بیٹوں کو قتل کر دیتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے اور اس میں تمہارے رب

رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿١٤١﴾ ع وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا ع ۱۶ ۱۲ ۲

کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔(۱۴۱) اور ہم نے حضرت موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ لیا اورپھر اس میں

بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ

دس راتوں کا اضافہ کردیا تو اس طرح اس کے رب کی مقرر کردہ مدت چالیس راتیں ہوگئیں،اور حضرت موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا

هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤٢﴾

کہ میرے بعد میری قوم میں تم خلیفہ ہو اور اصلاح کرنا اور فساد کرنے والوں کے پیچھے نہ چلنا۔(۱۴۲)

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ

اور جب حضرت موسیٰ مقرر شدہ وعدے کے مطابق کوہ طور پر پہنچے تو اُن کے رب نے اُن سے کلام کیا۔حضرت موسیٰ نے عرض کی اے میرے رب مجھے

اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ

اپنا آپ دکھا تاکہ میں تجھے دیکھوں،تو فرمایا تو ہرگز نہیں دیکھ سکے گا۔البتہ اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو

مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا

تُو مجھے دیکھ سکے گا۔ پھر جب اُس کے رب نے پہاڑ پر اپنی تجلی ڈالی تو وہ ریزہ ریزہ ہوگیا

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

● "مدّ" ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ

اور حضرت موسیٰ بے ہوش ہوکر گر پڑے۔پھر جب ہوش میں آئے تو کہنے لگے کہ تو پاک ہے میں تیری بارگاہ میں

وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى

توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں۔(۱۴۳)اللہ نے کہا اے موسیٰ بیشک میں نے تجھے لوگوں پر اپنے پیغام پہنچانے

النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىْ وَ بِكَلَامِىْ ۖ فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَ كُنْ مِّنَ

اور اپنے سے کلام کرنے میں منتخب کیا ہے۔ جو میں نے تجھے دیا ہے اسے تھام لو اور شکر کرنے والوں

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَ كَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَىْءٍ مَّوْعِظَةً

سے ہوجاؤ۔(۱۴۴) اور ہم نے ان کے لیے تختیوں پر ہر چیز کی نصیحت لکھ دی اورہر چیز کوتورات میں تفصیلاً

وَّ تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَىْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّ اْمُرْ قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا

بیان کردیا پھر کہا کہ اسے قوت سے پکڑ لو اور اپنی قوم کو اس کی اچھی باتیں اختیار کرنے کا

بِاَحْسَنِهَا ۭ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ

حکم دو۔ عنقریب تمہیں فاسقوں کا گھر دکھا دیاجائے گا۔(۱۴۵) میں ان لوگوں کواپنی آیتوں سے پھیردوں گا

الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ وَ اِنْ يَّرَوْا كُلَّ

جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں۔ اور اگر یہ سب نشانیاں دیکھ بھی لیں تو

اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَ اِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ

پھر بھی اس پر ایمان نہ لائیں گے، اور اگرہدایت کی راہ دیکھ لی تو اسے اپنا راستہ نہ بنائیں گے۔

سَبِيْلًا ۚ وَ اِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَىِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۭ ذٰلِكَ

اور اگر گمراہی کی راہ دیکھ لی تو اسے اپنی راہ بنا لیں گے۔ یہ اس لیے ہے کہ

بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ كَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَ الَّذِيْنَ

اُنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اوروہ اُن سے غافل تھے۔(۱۴۶) اور جنھوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ لِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ

ہماری آیتوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اُن کے اعمال ضائع ہوگئے۔ جووہ کرتے تھے

اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ وَ اتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ ع ۱۷

اُسی طرح کی اُنہیں جزا دی جائے گی۔(۱۴۷) اور حضرت موسیٰ(علیہ السلام) کے طور پر جانے کے بعد

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ

ان کی قوم نے اپنے زیورات سے ایک بچھڑا بنالیا جو ایک جسم تھا جس سے بیل کی سی آواز نکلتی تھی کیا اُنہیں نظر نہ آتا تھا کہ

وَ لَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وَ لَمَّا وقف لازم

وہ ان سے نہ بات کرسکتا ہے اور نہ اُنہیں ہدایت کا راستہ دے سکتا ہے اس کے باوجود اسے شریک بنالیا کیونکہ وہ بڑے ظالم تھے۔(۱۴۸)اور جب

سُقِطَ فِیْۤ اَيْدِيْهِمْ وَ رَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ

اُنہیں حقیقت کا علم ہوگیا کہ وہ راستے سے گمراہ ہوگئے ہیں تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے

يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَ يَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ وَ لَمَّا رَجَعَ

اور ہمیں نہ بخشے تو ہم ضرور نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوجائیں گے۔(۱۴۹)اور جب حضرت موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم میں آئے

مُوْسٰۤى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ

تو غضبناک اور غمزدہ ہو کر کہا اے قوم تم نے میرے بعد میری جانشینی کی ہے۔

مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَ اَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَ اَخَذَ

کیا تم نے اپنے رب کا حکم آنے سے پہلے جلد بازی کرلی اور تورات کی تختیوں کو

بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ

نیچے رکھا اور اپنے بھائی ہارون کو سر سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا کہا اے میری ماں جائے بیشک اس قوم نے مجھے ناتواں سمجھا

وَ كَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۫ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِیَ الْاَعْدَآءَ وَ لَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ

اور قریب تھا کہ مجھے قتل کر دیتے۔ مجھ پر دشمنوں کو ہنسنے کا موقع نہ دو اور مجھے اس ظالم قوم کے

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَ لِاَخِيْ وَ اَدْخِلْنَا فِيْ

ساتھ شامل نہ کرو۔ (۱۵۰) حضرت موسیٰ نے کہا اے میرے رب مجھے اور میرے بھائی کو معاف کردے

ع ۱۸ ۸ رَحْمَتِكَ ۖ٘ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ

اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر کیونکہ تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم والا ہے۔(۱۵۱) بیشک جنھوں نے بچھڑے کو معبود بنایا تھا

سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ ذِلَّةٌ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَ كَذٰلِكَ

تو عنقریب اُنہیں ان کے رب کی طرف سے غضب اوردنیا کی زندگی میں ذلت پہنچے گی۔ بہتان باندھنے والوں کو

نَجْزِی الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَ الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ

ہم ایسے ہی سزا دیتے ہیں۔(۱۵۲) اور جنھوں نے بُرے عمل کیے پھر اس کے بعد توبہ کرلی

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
"مَدّ" ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَ لَمَّا

اور ایمان لے آئے۔ بیشک تمہارا رب اس کے بعد بخشنے والا رحم والا ہے۔ (۱۵۳) اورجب

سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖۚ وَ فِيْ نُسْخَتِهَا

حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ ٹھنڈا ہوگیا تو تختیوں کو اُٹھا لیا۔ ان تختیوں کی تحریر میں

هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوْسٰى

اُن لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت تھی جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔(۱۵۴) اور حضرت موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم میں سے

قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ

ستّر مرد ہماری ملاقات کے لیے منتخب کیے پھر جب اُنہیں زلزلے نے پکڑ لیا تو کہا اے میرے رب!

رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۭ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

اگر تو چاہتا اُنہیں اور مجھے اس سے پہلے ہی ہلاک کردیتا۔ کیا تو ہمیں ان کاموں کی وجہ سے جو بے عقلوں نے کیے

السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَ

ہلاک کرتاہے۔ نہیں یہ تو ایک آزمائش ہے،توجسے چاہتاہے گمراہ کرتاہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ۭ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

تو ہی ہمارا مولاہے پس ہماری بخشش کر اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے

الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ

والاہے۔(۱۵۵) اور ہمارے لیے اس دنیا میں اچھائی لکھ دے اور آخرت میں بھی اچھائی کردے بیشک ہم نے تیری

اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَ رَحْمَتِيْ

راہ اختیار کی۔ اللہ نے کہا یہ میرا عذاب ہے جسے چاہتا ہوں اُسے پہنچاتا ہوں، اور ہر چیز پرمیری

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

رحمت چھائی ہوئی ہے۔عنقریب میں تقویٰ اختیار کرنے والوں اورزکوۃ دینے والوں اور ہماری نشانیوں پر ایمان لانے

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ۚ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ

والوں کے لیے اپنی رحمت لکھ دوں گا۔ (۱۵۶) جو لوگ ہمارے اس رسول کی اتباع کریں گے

النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

جو اُمّی نبی ہیں۔ جن کے بارے میں وہ اپنے پاس تورات

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

وَ الْاِنْجِيْلِ ۫ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

اور انجیل میں لکھا پاتے ہیں۔ وہ اُنہیں نیک باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بُری باتوں سے روکتے ہیں اور

يُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَ يُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَ يَضَعُ عَنْهُمْ

پاک چیزوں کو اُن کے لیے حلال قرار دیتے ہیں اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام قرار دیتے ہیں

اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ عَزَّرُوْهُ

اور اُن سے وہ بوجھ جو اُن کے سر پر تھا اور اُن سے وہ طوق جو اُن کے گلے میں تھا اُتارتے ہیں۔ پس جو ان پر ایمان لائیں اور ان کی عزت کریں

وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ع ﴿١٥٧﴾ ع ١٩ ٢٦ ٩

اور ان کی مدد کریں اور اُس نور کی پیروی کریں جو اُن کے ساتھ نازل ہوا ہے پس وہی فلاح پانے والے ہیں۔ (١٥٧)

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ لَهٗ

آپ فرما دیجئے کہ اے لوگو !میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں کہ آسمانوں اور زمین کا

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا

بادشاہ وہی ہے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے پس

بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ

اللہ اور اس کے رسول جو اُمّی نبی ہیں پر ایمان لاؤ جو اللہ اور اس کے کلام پر ایمان رکھتا ہے

وَ اتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٨﴾ وَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ

اُسی کی اتباع کرو تاکہ تم ہدایت پر قائم رہو۔ (١٥٨) اور قوم موسیٰ سے ایک گروہ ایسا ہے جو حق کی طرف

بِالْحَقِّ وَ بِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿١٥٩﴾ وَ قَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَ

ہدایت دیتا ہے اور اسی سے انصاف کرتا ہے۔(١٥٩) اور ہم نے بنی اسرائیل کو بارہ قبیلوں میں تقسیم کردیا جو گروہ درگروہ تھے۔ اور

اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

ہم نے حضرت موسیٰ(علیہ السلام) کی طرف وحی کی جب کہ اُن کی قوم نے ان سے پانی مانگا،یہ کہ موسیٰ اس پتھر پر

الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

اپنا عصا مارو۔ تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے ہر گروہ نے اپنے پانی لینے کی جگہ

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ

مقرر کرلی۔ اور ہم نے ان کے اوپر بادل کا سایہ کیے رکھا اور ان پر من اور سلویٰ نازل کیا۔ جو

السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اُس میں سے پاک چیزیں کھاؤ ۔ اور اُنہوں نے ہم پر کچھ زیادتی نہ کی بلکہ وہ اپنی

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا

جانوں پر ظلم کرنے والے تھے۔(۱۶۰) اور جب ان سے کہا گیا کہ اس بستی میں سکونت اختیار کرلو اور جہاں سے چاہو

مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ

اس میں سے کھاؤ اور کہو ہمیں بخش دے اور دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ ہم تمہاری خطائیں معاف کردیں گے۔

لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٦١﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

ہم احسان کرنے والوں کو زیادہ اجر دیں گے۔(۱۶۱) ظالموں کو جس بات کے متعلق کہا گیا اُنہوں نے اسے

قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ

کسی اور بات سے تبدیل کردیا تو آسمانوں میں سے ہم نے اُن پر عذاب نازل کردیا

بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿١٦٢﴾ ع وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ ع ٢٠ ٥ ١٠

کیونکہ وہ ظلم کرتے تھے۔(۱۶۲) اور اُن سے اُس بستی کے حالات دریافت کرو جو ساحل سمندر پر آباد تھی۔

الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ وقف لازم

اُس بستی کے لوگ ہفتہ کے دن اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کرتے تھے یہ کہ مچھلیاں ہفتہ کے دن

شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۛ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا معانقة ٢

پانی کے اُوپر ان کے سامنے آتی تھیں اور ہفتہ کے باقی دنوں میں نہ آتی تھیں یہ اس لیے ہوتا کہ ہم نے اُنہیں اُن کی نافرمانیوں کے

يَفْسُقُوْنَ ﴿١٦٣﴾ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ النصف

باعث آزمائش میں ڈال رکھا تھا۔(۱۶۳)اورجب اُن میں سے ایک گروہ نے کہا کہ تم اس قوم کو کیوں نصیحت کرتے ہو

مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ

جسے اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا اُنہیں شدید عذاب دینے والا ہے اُنہوں نے کہا کہ ہم یہ تمہارے رب کی بارگاہ میں

وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿١٦٤﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ

معذرت پیش کرنے کے لئے کرتے ہیں تاکہ وہ تقویٰ اختیار کرلیں۔(۱۶۴) جب اُنہوں نے نصیحت کی گئی باتوں کو بھلا دیا تو ہم نے بُرائی سے

عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۭ بِمَا كَانُوْا

روکنے والوں کو نجات دے دی اور جو ظالم تھے اُنہیں اُن کی نافرمانیوں کے باعث بُرے عذاب نے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

يَفْسُقُوْنَ ﴿١٦٥﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً

پکڑ لیا۔(۱۶۵) پھر جب اُنہوں نے سرکشی کی جس سے اُنہیں منع کیا گیا تھا تو ہم نے اُنہیں حکم دیا کہ ذلیل وخوار بندر

خٰسِـِٕيْنَ ﴿١٦٦﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

ہوجاؤ۔ (۱۶۶) اور جب آپ کے ربّ نے حکم دیا کہ قیامت تک یہود پر ایسے لوگ بھیجوں گا جو اُنہیں تکلیف دہ

مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚۖ وَ

عذاب میں مبتلا رکھیں گے۔ بیشک آپ کارب جلدی عذاب دینے والا ہے

اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٦٧﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ

اور بیشک وہ مغفرت کرنے والا رحم والا ہے۔(۱۶۷) اور ہم نے اُنہیں ٹکرے ٹکرے کرکے قوموں کی صورت میں زمین پر آباد کردیا

الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۡ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ

اُن میں کچھ صالح تھے اورکچھ اور طرح کے تھے اور ہم نے اُنہیں نعمتوں اور تکلیفوں کے ذریعے آزمایا

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿١٦٨﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ

تا کہ وہ اللہ کی طرف رجوع کرلیں۔ (۱۶۸) پھر اُن کے بعد ان کی جگہ پر نا خلف جانشین کتاب کے وارث ہوئے

يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَ يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَ اِنْ

جو اس دنیا کی ادنٰی دولت لیتے ہیں اورکہتے ہیں کہ ہم ضرور بخش دیے جائیں گے اور اگر ان کے

يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ

پاس اِس جیسا اور مال آ جائے تواسے بھی لے لیں گے۔کیا اُن سے کتاب کے بارے میں پختہ عہد نہیں

الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَ

لیا گیاتھا کہ اللہ کی طرف سوائے حق کے اور کسی بات کو منسوب نہ کریں اوراُنہوں نے جوکچھ اس میں ہے اُسے پڑھ لیا ہے۔

الدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٦٩﴾ وَالَّذِيْنَ

اہلِ تقویٰ کے لیے بہتر ہے تو کیا تمہیں عقل نہیں ہے۔(۱۶۹) اور جو لوگ کتاب

يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ

کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں۔ بیشک ہم اصلاح کرنے والوں کا

الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٧٠﴾ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّ ظَنُّوْٓا

اجر ضائع نہیں کرتے ۔(۱۷۰)اور جب ہم نے ان کے اُوپر پہاڑ اُٹھا کر کھڑا کیا گویا کہ وہ سائبان تھا اور وہ خیال کرتے تھے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ,, - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

کہ اُن پر گرے گا۔ جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے قوت سے پکڑ لو اور جو کچھ اِس میں ہے اس کا ذکر کرو

تَتَّقُوْنَ ﴿١٧١﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ ع ٢١/٩

تاکہ تم متقی بن جاؤ۔ (۱۷۱) اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پیٹھوں سے ان کی نسل نکالی

وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ معانقة ٧

اور ان کے نفسوں پر خود اُن کو گواہ بنا دیا، پھر پوچھا کیا میں تمہارا رب ہوں؟ تو سب نے کہا ہاں، ہم اس پر گواہ ہیں۔

اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿١٧٢﴾ لا

یہ اس لیے کہ قیامت کے دن تم یہ کہہ دو گے کہ بیشک ہم تو اس سے بے خبر تھے۔(۱۷۲)

اَوْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ

یا تم یہ کہہ ڈالو کہ بیشک پہلے ہمارے آباؤاجداد ہی نے شرک کیا تھا اورہم تو اُن کے بعد کی اولاد

بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿١٧٣﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

ہی ہیں۔ کیا تو ہمیں اس شرک کی وجہ سے ہلاک کردے گا جو باطل پرستوں نے کیا تھا۔ (۱۷۳) اور اسی طرح ہم اپنی آیتوں کو تفصیل سے

الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿١٧٤﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْۤ اٰتَيْنٰهُ

بیان کرتے ہیں تاکہ تم حق کی طرف آ جاؤ۔(۱۷۴) اُن میں اس شخص کی خبر بیان کردیں جسے ہم نے اپنی آیتیں

اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿١٧٥﴾

عطا کیں پھر وہ ان سے نکل گیا تو شیطان نے اس کا پیچھا کیا تو وہ گمراہوں سے ہوگیا۔(۱۷۵)

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ

اور اگرہم چاہتے تو اسے اِن آیتوں کی بنا پر بلند کردیتے مگر وہ پستی کی طرف جھک گیا اور ہوائے نفس کی پیروی کرنے لگا

هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ

تو اُس کی مثال کتے کی مانند ہے اگر اس پر حملہ کیاجائے تووہ بھونکتا ہے اور اگر اسے چھوڑ دیاجائے توپھر بھی وہ

تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

بھونکتا ہے یا اُس قوم کی مانند ہے جس نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿١٧٦﴾ سَآءَ مَثَلَاۨ الْقَوْمُ

تو آپ انہیں یہ قصہ سنائیں تاکہ وہ تفکر کرنے لگیں۔(۱۷۶) اُس قوم کی مثال کتنی بُری ہے

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ

جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور وہ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے تھے۔ (۱۷۷) جس کو اللہ نے

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾

ہدایت عطا فرمائی تو وہی ہدایت یافتہ ہے، اور جسے وہ راہ سے دور کردے تو وہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔(۱۷۸)

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ

اور بیشک ہم نے جنوں اور انسانوں کی کثیر تعداد کو جہنم کے لیے پیدا کیا ہے ۔ ان میں دل تو ہیں

لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اٰذَانٌ

لیکن وہ اس سے سمجھتے نہیں ہیں۔ اوران کے لیے آنکھیں تو ہیں لیکن ان سے دیکھتے نہیں ہیں اور ان کے کان تو ہیں

لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

لیکن وہ ان سے سنتے نہیں ہیں۔وہ چوپایوں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر ہیں۔ وہی لوگ ہیں

الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا

جو غافل ہیں۔ (۱۷۹) اور اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں پس اِن ناموں سے پکارو اور جو اس کے ناموں میں

الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

بے اعتنائی کرتے ہیں، اُنھیں چھوڑ دو جو کچھ وہ کرتے ہیں اس کابدلہ پالیں گے۔(۱۸۰)

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ ۲۲ ع ۱۰ ۱۲

اور جنھیں ہم نے پیدا کیا ہے ان میں سے ایک گروہ ایسا ہے جو حق کے مطابق ہدایت دیتا ہے اور اُسی سے انصاف کرتا ہے۔(۱۸۱) اور جن لوگوں

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚج صلے ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ

نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہم اُنھیں بتدریج جہنم میں لے جائیں گے جن کی اُنھیں خبر نہیں ہے۔(۱۸۲) اور میں اُنھیں

لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ٚسکتہ مَا بِصَاحِبِهِمْ

مہلت دیتا ہوں۔ بیشک میری تدبیر پختہ ہے۔ (۱۸۳) کیا غور نہیں کرتے کہ ان کے صاحب کو جنوں سے

مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ

کچھ واسطہ نہیں۔ وہ تو صرف ڈرانے والے ہیں۔(۱۸۴) کیا اُنہوں نے غور کی نظر سے نہیں دیکھا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى

کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت میں جوکچھ ہے اور جو چیز اللہ نے پیدا کر رکھی ہے اور یہ کہ شاید

غُنَّة: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کوایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
● "مَدّ" ـ تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٥﴾

ان کی موت کا مقررہ وقت قریب آ گیاہے ، تو اس کے بعد اور کون سے قرآن پرایمان لائیں گے۔ (١٨٥)

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَ يَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

جو اللہ کی طرف سے گمراہ ہو جائے تو اس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہے۔ وہ اُنہیں چھوڑ دیتا ہے تاکہ وہ

يَعْمَهُوْنَ ﴿١٨٦﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا

اپنی سرکشی میں سرگرداں رہیں۔(١٨٦) آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ وہ کب آئے گی۔ آپ کہہ دیجیے

عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ۘؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ

وقفِ لازم · وقفِ منزل

کہ بیشک اُس کا علم میرے رب کے پاس ہے۔ اسے وقت پر وہی ظاہر کرے گا، وہ وقت آسمانوں اور زمین پر

وَالْاَرْضِ ؕ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ

بڑا سخت ہوگا۔ جوتم پر اچانک آجائے گا۔ وہ آپ سے اس کے متعلق اس طرح پوچھتے ہیں غرضیکہ آپ نے اس کی خوب تحقیق

قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٧﴾ قُلْ

کر رکھی ہے۔ فرما دیجیے کہ بیشک اُس کا علم تو اللہ کے پاس ہے اور اکثر لوگوں کو اِس کا علم نہیں ہے۔(١٨٧) کہہ دیجیے

لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ

کہ میں اپنی ذات کے نفع اور نقصان کا مختار نہیں ہوں مگر جو اللہ چاہے وہی ہوگا۔ اور اگر میں غیب جان لیتا

اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ

معانقة ٨

تو بہت سی بھلائی جمع کرلیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔

اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّ بَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿١٨٨﴾ ع هُوَ الَّذِيْ

ع ٢٣ / ١٣

میں تو ایمان والی قوم کے لیے ڈرانے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔(١٨٨) وہ اللہ ہی ہے

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ

جس نے تمہیں واحد جان سے پیدا کیا اور اسی سے اُس کا جوڑا بنادیا تاکہ اس سے تسکین حاصل کرے۔

اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّاۤ

پھر جب مرد عورت کوڈھانپ لیتا ہے تو وہ ہلکے سے حمل سے حاملہ ہوجاتی ہے جسے وہ اُٹھائے پھرتی ہے

اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

پھر جب بوجھل ہوجاتا ہے تو دونوں اپنے رب سے دُعا کرتے ہیں کہ اگر تو ہمیں صالح لڑکا عطا کرے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰهُمَا ۚ

تو ہم شکر کرنے والوں سے ہو جائیں گے۔(۱۸۹) پس جب اللہ اُنہیں صالح لڑکا عطا کر دیتا ہے تو ان دونوں کو جو دیا گیا ہے اسے اللہ کا شریک بنا دیتے

فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَّ هُمْ

ہیں ۔ اللہ اُن کے اس طرح شرک کرنے سے بالاتر ہے۔(۱۹۰) کیا وہ اُنہیں شریک بناتے ہیں جو کسی کو پیدا نہیں کر سکتے

يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ وَ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّ لَآ اَنْفُسَهُمْ

بلکہ وہ تو خود پیدا کیے جاتے ہیں۔(۱۹۱) اور وہ اُنہیں مدد دینے کی استطاعت نہیں رکھتے اور نہ اپنی جان کو

يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ

خود مدد دے سکتے ہیں۔(۱۹۲) اور آپ اگر اُنہیں ہدایت کی طرف بلائیں تو وہ آپ کی اتباع نہیں کرتے۔

سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

تمہارا اُنہیں دعوت دینا یا خاموش رہنا تمہارے لیے برابر ہے۔(۱۹۳) بیشک اللہ کے سوا

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا

جن کی تم پوجا کرتے ہو وہ تو تمہاری مثل بندے ہیں پس جب تم اُنہیں پکارو تو اُنہیں چاہیے کہ وہ

لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۟ اَمْ

تمہارا جواب دیں بشرطیکہ تم اپنی جگہ پر سچے ہوتے۔ (۱۹۴) کیا اُن کے پاؤں ہیں جن کے ساتھ وہ چلتے ہیں۔

لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۟ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۟

کیا ان کے ہاتھ ہیں جن کے ساتھ وہ پکڑتے ہیں۔ کیا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھیں۔ کیا ان کے کان ہیں جن سے

اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ

وہ سنیں۔ فرما دو کہ اپنے شریکوں کو بلا لو پھر تم نے جو کرنا ہے کرو،

فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِيِّ َۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۟ۖ وَهُوَ

پس مجھے مہلت مت دو۔(۱۹۵) بیشک میرا حمایتی اللہ ہے جس نے کتاب نازل کی ہے اور نیک لوگوں کا

يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

وہی مولا ہے۔ (۱۹۶) اور اللہ کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمہاری مدد کرنے کی استعداد نہیں رکھتے

نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

اور نہ اپنی مدد کرسکتے ہیں۔ (۱۹۷) اور اگر آپ اُنہیں ہدایت کی طرف بلائیں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

لَا يَسْمَعُوْا ؕ وَ تَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَ هُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾

تو وہ نہیں سنیں گے۔اور اگر تم اُنہیں بظاہر اپنی طرف دیکھتا ہوا دیکھو گے مگر وہ تمہاری طرف نہیں دیکھتے ۔(۱۹۸)

خُذِ الْعَفْوَ وَ اْمُرْ بِالْعُرْفِ وَ اَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾ وَ اِمَّا

درگزر فرمایئے اور نیکی کا حکم دیجیے اور جاہلوں سے کنارہ کشی کیجیے۔ (۱۹۹) اور اگر

يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ

شیطان کی طرف سےتمہارے دل میں وسوسہ اُٹھے تو فوراً اللہ کی پناہ طلب کرو، بیشک وہ سننے والا

عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ

جاننے والا ہے۔(۲۰۰) بیشک اہل تقویٰ کو جب شیطان کی طرف سے کوئی خیال چھوتا ہے تو وہ ذکرِالٰہی

تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَ اِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي

کرنے لگ جاتے ہیں تو اسی وقت اُن کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔(۲۰۱) اور جو شیطانوں کے بھائی ہیں تو وہ اُنہیں گمراہی کی طرف

الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَ اِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْ لَا

کھینچ لیتے ہیں پھر گمراہ کرنے میں کوئی قصر نہیں چھوڑتے۔(۲۰۲)اور اے محبوب! جب اُن کے پاس کوئی آیت نہیں لاتے تو کہتے ہیں کہ

اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَاۤ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰۤى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ

تم اپنی طرف سے آیتیں کیوں نہیں بنا لیتے ۔فرمادیجیے کہ میں تو اُسی کی پیروی کرتا ہوں جو میرا رب میری طرف وحی کرتا ہے۔

مِنْ رَّبِّكُمْ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَ اِذَا

یہ تمہارے رب کی طرف سے روشن دلائل اور ہدایت اور رحمت ہے جو قوم ایمان لاتی ہے۔(۲۰۳) اور جب

قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

قرآن کی قرأت کی جائے تو اسے توجہ سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ۔(۲۰۴)

وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ

اور اپنے رب کا دل میں گریہ زاری اور خوف سے ظاہری آواز کے بغیر صبح و شام ذکر کرو اور

الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ

یادِ الٰہی سے غافل رہنے والوں سے مت ہو جانا۔ (۲۰۵) بیشک

الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ يُسَبِّحُوْنَهٗ

جو فرشتے تیرے رب کے پاس ہیں وہ اُس کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے اور اس کی تسبیح کرتے ہیں

وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۲۰۶

اور اسی کے آگے سجدے کرتے ہیں۔(۲۰۶)

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ ۸ ۸۸ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اٰيَاتُهَا ۷۵ رُكُوْعَاتُهَا ۱۰

سورۃ الانفال مدنی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اس میں ۷۵ آیات اور ۱۰ رکوع ہیں۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا

آپ سے مالِ غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں ۔ آپ کہہ دیجیے کہ مالِ غنیمت تو اللہ اور رسول ہی کے لیے ہے۔پس اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ

اور آپس میں صلح رکھو۔ اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو اگر تم ایمان

مُّؤْمِنِيْنَ ۱ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

رکھتے ہو۔(۱) بیشک مومن تو وہی ہیں جن پر اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ

اور جب اُن پر اس کی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو اُن کا ایمان پختہ ہوجاتا ہے اور وہی اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ۲ ۚۖ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۳ ؕ

بھروسہ رکھتے ہیں۔ (۲) جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے اُن کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ (۳)

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ

وہی حقیقت میں مومن ہیں۔ ان کے لیے ان کے رب کے ہاں درجات ہیں اور

مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۴ ۚ كَمَاۤ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۪

مغفرت ہے اور عزت والا رزق ہے۔(۴) اے محبوب! جس طرح تمہارے رب نے آپ کو آپ کے گھر سے حق کے ساتھ نکالا

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۵ ۙ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ

اور بیشک مومنوں کا ایک گروہ ناخوش تھا۔(۵) لوگ آپ سے حق کے بارے میں جھگڑنے لگے

بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَ هُمْ يَنْظُرُوْنَ ۶ ؕ

گویا کہ وہ موت کی طرف دھکیلے جاتے ہیں جسے اُنہوں نے دیکھ لیا ہے۔(۶)

وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ تَوَدُّوْنَ

اور یاد کرو جب اللہ نے تم سے وعدہ کیا کہ دو گروہوں میں سے ایک گروہ تمہارا ہو جائے گا

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ

اور آپ چاہتے تھے کہ کمزور گروہ مل جائے اور اللہ چاہتا تھا یہ کہ اپنے کلمات سے حق کو حق کر دکھائے

بِكَلِمٰتِهٖ وَ يَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧﴾ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَ يُبْطِلَ

اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔ (۷) حق کو حق ثابت کر دے اور باطل کو مٹا دے

الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨﴾ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ

اور اگرچہ مجرم برا ہی کیوں نہ مانیں۔(۸) جب تم اپنے رب سے فریاد کررہے تھے تو اُس نے تمہاری سُن لی

لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿٩﴾ وَمَا جَعَلَهُ

کہ بیشک میں تمہاری ایک ہزار فرشتوں سے مدد کرنے والا ہوں جو پے درپے آئیں گے۔(۹)اور یہ بات اللہ نے بشارت

اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَ لِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

کے طور پر کر دی ہے تاکہ اس سےتمہارے دل مطمئن ہو جائیں۔ اور نہیں مدد مگر اللہ ہی

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً ع ١ ١٠ ١٥

کی طرف سے ہے۔ بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۱۰) یاد کرو جب اللہ نے تم پر غنودگی طاری کردی

مِّنْهُ وَ يُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَ

جس میں اطمینان تھا اور آسمان سےتمہارے لیے پانی اُتارا تاکہ اِس سے تمہیں پاک کردے اور

يُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَ لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ يُثَبِّتَ

تم سے شیطان کی نجاست دور کردے۔ اور مضبوط کردے اس سے تمہارے دلوں میں اور تمہارے قدموں میں

بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿١١﴾ اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا

ثابت قدمی پیدا کردے ۔(۱۱) یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں کی طرف وحی کی بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں۔ پس

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ

ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو۔ عنقریب کافروں کے دلوں میں تمہارا رُعب ڈال دوں گا،

فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَ اضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ؕ

تو کافروں کی گردنوں کے اوپر سے مارو اور اُن کے ایک ایک حصے پر ضرب لگاؤ۔(۱۲)

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَ مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ

یہ اس لیے ہے کہ اُنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی۔ اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت

غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾ ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَ اَنَّ

کرے تو بیشک اللہ شدید عذاب دینے والا ہے۔ (۱۳) عذاب تمہارے لیے ہے پس اس کا مزہ چکھو،

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِيْتُمُ

بیشک کافروں کے لئے آگ کا عذاب ہے۔(۱۴) اے ایمان والو! میدان جنگ میں جب تم کافروں کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ وَ مَنْ يُّوَلِّهِمْ

سامنے آجاؤ اور ان کے لشکر سے مقابلہ کرو تو اُن سے پیٹھ نہ پھیرو۔(۱۵) اور جو اس دن اُن سے پیٹھ پھیرے گا

يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ

سوائے اس کے کہ جنگ کے لیے ایسا کرے یا اپنی جماعت میں آنے کے لیے ایسا کرے۔ایسا کرنا جائز ہوگا،

بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ مَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾

اس کے پیٹھ پھیرنے پر اس پر اللہ کا غضب ہوگا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہوگا جو بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ (۱۶)

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۪ وَ مَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ

پس تم نے اُنہیں قتل نہ کیا لیکن اللہ نے اُنہیں قتل کیا۔ اور جو خاک تم نے پھینکی تھی وہ تم نے نہ پھینکی

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ

تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی۔ تاکہ ایمان والوں کو اپنے ہاں سے عظیم احسان عطا فرمائے۔ بیشک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾

اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (۱۷) یہ تو ہوچکا اور یہ کہ اللہ کافروں کے منصوبوں کو بے اثر کرنے والاہے۔ (۱۸)

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ

اے کافرو!اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو فیصلہ تمہارے پاس آچکا ہے اور اب اگر باز آجاؤ توتمہارے لیے بہتر ہے

وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَوْ كَثُرَتْ ۙ

اوراگر تم شرارت کروگے تو ہم پھرسزادیں گے۔اور تمہاری جماعت کی کثرت خواہ کتنی زیادہ ہوتمہارے کام نہ آئے گی،

وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ ع ۲ ۹ ۱۲

اور بیشک اللہ مومنین کے ساتھ ہے۔ (۱۹) اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَ اَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَ لَا تَكُوْنُوْا

اور جب تم حکم سُن لو تو پھر اس سے منہ نہ پھیرو۔(۲۰) اور ان لوگوں جیسے نہ

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ هُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢١﴾ اِنَّ شَرَّ

بنو جنھوں نے کہا کہ ہم نے سُن لیا مگر وہ نہ سنتے تھے۔ (۲۱) بیشک اللہ کے

الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَ

نزدیک بدترین جانور وہ بہرے گونگے لوگ ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔(۲۲) اور اگر

لَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَ لَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا

اللہ اُن میں بھلائی محسوس کرتا تو اُنہیں ضرور سُنا دیتا۔ اور اگر اُن کو سُنواتا تو وہ اعراض کرتے ہوئے

وَّ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ

منہ پھیر لیتے۔(۲۳) اے ایمان والو! اللہ اور اس کا رسول جب تمہیں

لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ

بلائے تو فوراً اس کی طرف حاضر ہو جاؤ ان کا بلانا تم میں زندگی پیدا کرے گا،اور جان لو کہ

بَيْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَ اَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَ اتَّقُوْا فِتْنَةً

اللہ آدمی اور اُس کے دل کے درمیان حائل ہے اور یہ کہ تم اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے۔ (۲۴)اور اس فتنے سے ڈرتے رہو

لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ

جو تم میں سے نہ صرف اُنہیں پہنچے گا جنھوں نے تم میں خاص کر ظلم کیا ہے۔ اور جان لو کہ اللہ شدید

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٢٥﴾ وَ اذْكُرُوْۤا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ

عذاب دینے والا ہے۔ (۲۵) اور یاد کرو جبکہ تم زمین میں تھوڑے اور ناتواں تھے اور

فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَ

ڈرتے تھے کہ لوگ تمہیں کہیں لے نہ جائیں تو اس نے تمہیں پناہ دی اور اپنی مدد سے

اَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٦﴾

تمہاری تائید کی ، اور پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا تاکہ تم شکر گزار ہوجاؤ۔ (۲۶)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْۤا

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے خیانت نہ کرو اوراپنی امانتوں میں بھی خیانت نہ کرو

اَمٰنٰتِكُمْ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اَمْوَالُكُمْ وَ

حالانکہ تم جانتے ہو۔ (۲۷) اور جان لو بیشک تمہارے مال اور تمہاری اولاد

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ: ۔۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

ع ٣ ٩ ١٧

اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يٰۤاَيُّهَا
آزمائش ہیں۔ اور بیشک اللہ کے پاس عظیم اجر ہے۔(۲۸) اے ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّ يُكَفِّرْ عَنْكُمْ
والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو تو وہ تمہیں فرقان دے دے گا یعنی حق وباطل کوجدا کرنے والی

سَيِّاٰتِكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ وَ
اور تمہاری بُرائیاں تم سے دور کردے گا اور تمہیں بخش دے گا۔ اور اللہ عظیم فضل والاہے۔(۲۹) اور

اِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ
اے محبوب یادکرو جب کافرتمہارے خلاف تدبیریں کررہے تھے کہ آپ کو قید کرلیں یا آپ کو شہید کردیں یاشہر سے نکال دیں

وَ يَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ وَ اِذَا تُتْلٰى
اوروہ بھی تدبیریں کررہے تھے اور اللہ بھی خفیہ تدبیر کررہا تھااور اللہ سب سے بہتر خفیہ تدبیر کرنے والا ہے۔(۳۰)اور جب اُن پر ہماری آیتیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَاۤ ۙ
تلاوت کی جاتی ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے سُن لی ہیں۔اگر ہم چاہتے تو ان کی مثل ہم بھی آیتیں کہہ دیتے،

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ
اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ تو پہلے لوگوں کے قصے ہیں۔(۳۱) اور جب اُنہوں نے کہا کہ اے اللہ اگر یہ قرآن

هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ
تیری طرف سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا کوئی اور بڑا

اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ
عذاب بھیج۔ (۳۲) اور اللہ ایسا نہیں کہ جب تک آپ اُن میں تشریف فرما ہوں،اُنہیں عذاب دیتا۔

فِيْهِمْ ؕ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ مَا لَهُمْ
اور اللہ اُنہیں عذاب دینے والا نہیں جب تک وہ مغفرت مانگتے ہیں۔(۳۳) اور اُنہیں کیاہے کہ

اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَ هُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
اللہ اُنہیں عذاب نہ کرے جبکہ وہ مسجد حرام میں داخل ہونے سے روکتے ہیں اور وہ اس کے متولی نہیں

وَ مَا كَانُوْۤا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗۤ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
ہیں۔ بیشک اس کے متولی تو پرہیزگار ہیں اور اُن کی اکثریت اس بات کو

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کوہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اورتنوین اورمیم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کوخیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ

نہیں جانتی ۔(۳۴) اور ان کی نماز خانہ کعبہ کے پاس سوائے سیٹی اور تالی بجانے کے کچھ نہ تھی ۔

تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ

کفر کرنے کے باعث اب عذاب کا مزہ چکھو۔ (۳۵) بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

کافر لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکنے کے لیے اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ آئندہ بھی خرچ کرتے رہیں گے

فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ۬

مگر جب وہ مغلوب ہو جائیں گے تو اُن کا خرچ کرنا باعث افسوس ہو جائے گا۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ

اور جنھوں نے کفر کیا اُنہیں جہنم کی طرف اکٹھا کیا جائے گا۔ (۳۶) تاکہ اللہ پاک کو ناپاک سے

مِنَ الطَّيِّبِ وَ يَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ

علیحدہ کردے اور سب خبیثوں کو ایک دوسرے پررکھ کرایک جگہ جمع کردے پھر اُن سب

جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ فِيْ جَهَنَّمَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قُلْ ع ٩ ١٨

کو جہنم میں ڈال دے۔ وہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔ (۳۷) فرما دیجیے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ

کہ جن لوگوں نے کفر کیا ہے اگر وہ رُک جائیں تو اُنہیں بخش دیا جائے گا جو ہوگیا ہے وہ گزر گیا ہے۔

وَ اِنْ يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَ قَاتِلُوْهُمْ

اور اگر پھر اُنہوں نے وہی کیا تو جس طرح پہلے لوگوں کو سزا دی جاتی تھی اُنہیں بھی دے دی جائے گی۔(۳۸)اور فساد کے ختم ہونے تک

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ

اُن کو قتل کرتے رہو حتیٰ کہ پورا دین اللہ ہی کے لیے ہو جائے۔ تو پھر اگر وہ باز آجائیں

انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾ وَ اِنْ تَوَلَّوْا

تو بیشک وہ جو کرتے ہیں اللہ اُسے دیکھ رہا ہے۔ (۳۹) اور اگر وہ ایسا کرنے سے

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ؕ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾

منہ پھیر لیں تو جان لو کہ بیشک اللہ تمہارا مولیٰ ہے وہ بہترین کارساز ہے اور بہترین مدد کرنے والا ہے۔(۴۰)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ

اور جان لو جو کچھ مال غنیمت سے حاصل ہو تو اس میں سے پانچواں حِصّہ اللہ اور اس کے رسول

وَ لِذِي الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ۙ اِنْ

اور قریبی رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے اگر تم

كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَ مَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ

اللہ پر اور جو کچھ ہم نے اپنے بندے پر نازل کیا ایمان رکھتے ہوجس دن دونوں فوجیں

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ

حق و باطل میں فرق کرنے کے لیے آمنے سامنے ہوئی تھیں اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۴۱) جب تم

بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَ هُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَ الرَّكْبُ اَسْفَلَ

وادی کے قریب کنارے پر تھے اور وہ وادی کے بعید والے کنارے پر تھے اور قافلہ تم سے نیچے کی جانب تھا

مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ

اگر تم آپس میں کوئی وعدہ کرلیتے تو اس مقررہ معیاد کے بارے میں وعدہ پورا نہ ہوتا لیکن یہ اس لیے تھا

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۬ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّ

تاکہ اللہ وہ کام کرڈالے جو اس کی طرف سے ہوکر رہنا ہے تاکہ جس نے ہلاک ہونا ہے وہ دلیل سے ہلاک ہو

يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ اِذْ

اور جس نے زندہ رہنا ہے وہ بھی دلیل سے زندہ رہے اور بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔(۴۲) یاد کرو جب

يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَ

اللہ نے نیند میں لشکر کفار کوقلیل تعداد میں دکھایا۔ اور اگر کثیر تعداد میں دکھایا ہوتا تو تم حوصلہ چھوڑ بیٹھتے

لَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اور اس معاملے میں آپس میں جھگڑنے لگتے لیکن اللہ نے تمہیں محفوظ رکھا۔ بیشک وہ سینوں کے راز

الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا

جانتاہے۔ (۴۳) اور یاد کرو کہ جب مقابلے کے وقت اللہ نے کافروں کو تمہاری نظر کے سامنے تھوڑا کر کے دکھایا۔

وَّ يُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَ

اور تمہیں ان کی نظروں میں تھوڑا کرکے دکھایا تاکہ قضائے الٰہی میں جو اَمر ہے پُورا ہو جائے اور تمام اُمور

ع ٥/٧ ١ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً

اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں۔ (۴۴) اے ایمان والو! اگر کسی لشکر سے تمہارا مقابلہ

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

ہوجائے تو ثابت قدم رہو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرو تاکہ فلاح پا جاؤ۔(۴۵) اللہ اور اس کے

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ط

رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں تنازعہ نہ کرو ورنہ تم کم حوصلہ ہوجاؤ گے اورتمہاری نیک نامی جاتی رہے گی ،اور صبر کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ

بیشک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔(۴۶) اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہوجانا جو اپنے گھروں سے اِتراتے ہوئے

دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط

لوگوں کے دکھاوے کے لیے نکلے اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے تھے اور جو کچھ وہ کرتے ہیں

وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿٤٧﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

اللہ ان کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔(۴۷) اور جب شیطان نے ان کے اعمال اُنھیں مزین

اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ

کرکے دکھائے اور کہنے لگا کہ آج لوگوں میں سے تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں اور بیشک

جَارٌ لَّكُمْ ج فَلَمَّا تَرَآءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ

تم میری پناہ میں ہو۔پس جب دونوں لشکر آمنے سامنے ہوئے تو وہ اُلٹے پاؤں بھاگا اور کہنے لگا

اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّيْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ط

کہ میں تم سے بری الذمہ ہوں بیشک میں تو ایسی چیزیں دیکھ رہاہوں جوتم نہیں دیکھ سکتے اور میں اللہ سے ڈرتا ہوں

ع ٦/٨ ٢ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

اور اللہ شدید عذاب دینے والا ہے۔(۴۸) جب منافق اور کافر جن کے دلوں میں مخالفت کا

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ط وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

مرض تھا کہتے تھے کہ اُن کے دین نے اُنھیں مغرور کردیاہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے

عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ

تو بیشک اللہ غلبے والا حکمت والا ہے۔ (۴۹) اور اے مخاطب! کاش کہ تو کافروں کو اس وقت دیکھے

كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۚ وَ ذُوْقُوْا

جب فرشتے ان کی جانیں نکالتے ہیں اُن کے چہروں اور پیٹھوں پر مارتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ

آگ کے عذاب کا مزہ چکھو۔(۵۰) یہ اُن کے عملوں کی سزا ہے جو اُن کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں اور بیشک اللہ

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔ (۵۱) ان کی حالت ایسی ہے جیسی کہ اُن سے پہلے آل فرعون اور ان سے پہلے لوگوں کی تھی۔

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ

انہوں نے آیات الٰہی کے ساتھ کفر کیا تو اللہ نے اُنہیں اُن کے گناہوں کے باعث پکڑلیا۔ بیشک اللہ قوت کے ساتھ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً

شدید عذاب دینے والاہے۔(۵۲) یہ اس لیے کہ بیشک اللہ اپنی نعمت کو بدلنے والا نہیں ہے جو اس نے

اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ

کسی قوم پر کی ہو جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدل دیں۔ اور بیشک اللہ سننے والا

عَلِيْمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا

جاننے والاہے۔(۵۳) جس طرح آل فرعون اور اُن سے پہلے لوگوں کاحال ہوا۔ اُنہوں نے اپنے رب کی

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَ اَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ

آیتوں کو جھٹلایا تو ہم نے اُنہیں اور آل فرعون کو اُن کے گناہوں کے باعث ہلاک کردیا۔

وَ كُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

اور وہ تمام ظالم لوگ تھے۔ (۵۴) بیشک جانداروں میں سے اللہ کے نزدیک بدترین کافر لوگ ہیں

كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٥﴾ اَلَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ

جو ایمان نہیں لاتے۔ (۵۵) جن سے آپ ﷺ کامعاہدہ کرتے مگر وہ ہر بار اپنے معاہدے کو توڑ ڈالتے ہیں

عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّ هُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ

اور وہ اللہ سے ڈرتے نہیں ہیں۔ (۵۶) پس اگر آپ اُنہیں لڑائی میں پائیں تو

فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾

اُنہیں شدید سزا دیں تاکہ جو لوگ ان کے پیچھے ہیں دیکھ کر بھاگ جائیں تاکہ وہ عبرت حاصل کریں۔(۵۷)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر سے پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى

اور اگر آپ کو کسی قوم سے وعدے میں خیانت کا ڈر ہو تو اُن کا عہد اُن کی طرف لوٹا

سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ ع ١٠ ٧ ٣

دو۔برابر کا جواب دو، بیشک اللہ دُھوکے بازوں کو پسند نہیں کرتا۔(۵۸) اور ہرگز کافر خیال نہ کریں

كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ

کہ اُنہوں نے سبقت لے لی ہے بیشک وہ ہمیں عاجز نہیں کرسکتے۔(۵۹)اور اُن کے لیے پوری قوت اور بندھے ہوئے گھوڑوں سے

مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَ عَدُوَّكُمْ

اپنی استطاعت کے مطابق تیار رہو تاکہ اس تیاری سے اللہ کے دُشمن اور اپنے دُشمن کو

وَ اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَ مَا

اور دُوسرے دُشمنوں کو خوف زدہ کردو۔ جنھیں تم نہیں جانتے اور اللہ اُنہیں جانتا ہے۔ اور جو

تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَ اَنْتُمْ

کچھ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی طرح تم پر

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى

ظلم نہ ہوگا۔ (۶۰) اور اے محبوب اگر دُشمن صلح کے لیے تیار ہوجائیں تو آپ بھی مائل ہو جایئے

اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦١﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ

اور اللہ پر بھروسہ کیجیے بیشک وہ سننے والا عِلم والا ہے۔(۶۱) اور اگر وہ آپ کو دھوکہ دینے کا ارادہ کریں تو بیشک اللہ

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿٦٢﴾

آپ کے لیے کافی ہے۔ وہی ہے جس نے اپنی نصرت اور مومنین کے ساتھ آپ کی تائید کی۔(۶۲)

وَ اَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

اور اُس نے ان کے دلوں میں اُلفت پیدا کردی اگر آپ جو کچھ زمین میں ہے سب کاسب بھی خرچ کردیتے

مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ

تو پھر بھی اُن کے دلوں میں اُلفت پیدا نہ کرسکتے، لیکن اللہ نے اُن کے درمیان اُلفت پیدا کردی بیشک وہ غلبے والا

حَكِيْمٌ ﴿٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ ع ٨ ٢ ٤

حکمت والا ہے۔(۶۳) اے نبی! آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور مومنوں میں سے جو آپ کی اتباع کرتے ہیں ۔(۶۴)

غُنَّہ: نون مشدّ داور میم مشدّ دکی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ۞ تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کوموٹا رکھنا ۞ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ ،، -تین الف کے برابر~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

اے نبی! مسلمانوں کو جہاد کی طرف اُبھارو۔ اگر تم میں سے بیس

عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

صبر والے ہوں گے تو دو سو پر غالب ہوں گے۔ اور اگر تم میں سے

مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾

سو ہوں گے تو وہ ایک ہزار پر غالب ہوں گے بیشک انکارکرنے والی وہ قوم ہے جسے سمجھ نہیں ہے۔(٦٥)

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ

اللہ تعالی نے تم پر تخفیف کردی ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ تم میں کمزور بھی ہیں۔ اگر تم میں سے

مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

سو آدمی صبر والے ہوئے تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے ایک ہزار ہوئے

اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾

تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آئیں گے۔ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔(٦٦)

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ

کسی نبی کے شایاں نہیں کہ وہ کافروں کو قیدی بنائے جب تک کہ زمین میں غلبہ حاصل نہ ہو جائے

تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖۗ وَ اللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَ اللّٰهُ

تم سامانِ دنیا چاہتے ہو، اور اللہ تمہارے لیے آخرت چاہتا ہے اور اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾ لَوْ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ

غلبے والا حکمت والاہے۔(٦٧) اگر اللہ پہلے سے تحریر شدہ فیصلہ نہ لکھ چکا ہوتا اے مسلمانو! تم نے کافروں سے

اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖؗ

جو بدلے کا مال لے لیا اس کے باعث تم پر عذاب آتا۔(٦٨) مال غنیمت سے حلال پاکیزہ چیزیں کھاؤ۔

ع ٩ ٥ ٥ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ

اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔(٦٩) اے نبی! جو قیدی تمہارے

لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

ہاتھ میں ہیں اُن سے کہہ دیجیے کہ اللہ نے اگرتمہارے دلوں میں بھلائی محسوس کی تو جو مال تم سے لیا گیا ہے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ

اِس سے بہتر عطا فرما دے گا اور تمہیں بخش دے گا۔ اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٠﴾ وَ اِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ

بخشنے والا رحم والاہے۔ (۷۰) اور اگر وہ آپ سے خیانت کرنا چاہیں تو وہ اللہ سے پہلے بھی

مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

خیانت کرچکے ہیں جس کے باعث اُن کوتمہارے قبضے میں کردیا اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(۷۱) بیشک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ

ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مالوں اور جان سے اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

جہاد کیا اور جن لوگوں نے اُنہیں جگہ دی اور مدد کی وہی دراصل ایک دوسرے کے دوست ہیں

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ لَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ

اور وہ جو ایمان تو لے آئے مگر اُنہوں نےتمہارے لیے ہجرت نہیں کی اُن کا تمہاری جائیداد میں کچھ حصہ نہیں

شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ

جب تک وہ ہجرت نہ کرلیں اور اگر وہ دین کے معاملے میں مدد چاہیں تو تم پرمدد کرنا ضروری ہے

النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا

مگر ایسی قوم پر جن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہے مدد کرنا ضروری نہیں ، اور اللہ جو تم

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

کرتے ہو اسے دیکھتا ہے۔(۷۲) اور کافر بھی ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾ وَ

اگر تم ایسانہ کرو گے تو زمین میں فتنہ اور بہت بڑا فساد برپا ہوجائے گا۔(۷۳) اور

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ

جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اوراُنہوں نے ہجرت والوں کو

اٰوَوْا وَّ نَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ

اپنے پاس جگہ دی اور مدد کی وہی سچے مومن ہیں۔ اُن کے لیے مغفرت اور

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا

عزت والا رزق ہے۔(۷۴) اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور ہجرت کرکے آگئے اور تمہارے ساتھ مل کر

مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ

جہاد کرتے رہے ، وہ تم میں سے ہیں۔ مگر اللہ کی کتاب کے مطابق خون کے رشتہ دار ایک دوسرے کے

فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾ ع الربع

زیادہ حقدار ہیں۔ بیشک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے۔(۷۵)

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ ٩ مَدَنِيَّةٌ ١١٣ — اٰيٰتُهَا ١٢٩ رُكُوْعَاتُهَا ١٦

سورۃ التوبہ مدنی ہے — اس میں ۱۲۹ آیات اور ۱۶ رکوع ہیں۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ؕ ﴿١﴾

اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے مشرکوں میں سے جن کے ساتھ تم نے وعدہ کیا تھا قطع تعلق کا اعلان ہے۔(۱)

فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ

اے شرک کرنے والو! زمین میں چار ماہ چل پھر لو اور جان لو کہ بیشک تم اللہ تعالیٰ کو عاجز

مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢﴾ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ

نہیں کرسکتے۔ اور بیشک اللہ کافروں کو رُسوا کرنے والا ہے۔(۲) اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے

وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ

سب لوگوں کے لیے حج اکبر کے دن کا اعلان ہے بیشک اللہ اوراس کا رسول

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ۬ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ

مشرکین سے بری الذمہ ہے اگر تم توبہ کرجاؤ تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے۔ اور اگر تم

تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ

پھر جاؤ تو جان لوکہ تم اللہ کو عاجز نہیں کرسکتے ۔ اور کافروں کے لیے

كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ﴿٣﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ

دردناک عذاب کی بشارت ہے۔ (۳) مگر وہ مشرکین جن سے آپ نے

ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا

معاہدہ کیا تھا پھر انہوں نے اس میں کسی قسم کا نقص نہ ڈالا اور نہ انہوں نے تمہارے مقابلے میں کسی کی مدد کی تو جس مدت تک اُن کے

اِلَيۡهِمۡ عَهۡدَهُمۡ اِلٰى مُدَّتِهِمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۴﴾

ساتھ عہد کیا ہوا ہے اسے پورا کرو۔ بیشک اللہ اہل تقویٰ سے محبت رکھتا ہے۔ (۴)

فَاِذَا انۡسَلَخَ الۡاَشۡهُرُ الۡحُرُمُ فَاقۡتُلُوا الۡمُشۡرِكِيۡنَ حَيۡثُ وَجَدۡتُّمُوۡهُمۡ

پھر جب حُرمت والے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ اُنہیں قتل کردو اور اُنہیں پکڑ لو اور ان کا

وَخُذُوۡهُمۡ وَاحۡصُرُوۡهُمۡ وَاقۡعُدُوۡا لَهُمۡ كُلَّ مَرۡصَدٍ ۚ فَاِنۡ

محاصرہ کرو۔ ہر بیٹھنے والی جگہ پر اُن کے تعاقب میں بیٹھو۔ پھر اگر وہ

تَابُوۡا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوۡا سَبِيۡلَهُمۡ ؕ اِنَّ

توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دینے لگیں ان کا راستہ چھوڑ دو۔ بیشک

اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵﴾ وَاِنۡ اَحَدٌ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ اسۡتَجَارَكَ

اللہ مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔(۵) اور اگر مشرکوں میں سے کوئی آپ سے پناہ طلب کرے تو

